مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اکتوبر 2017ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات



زیارت شہدائے کربلا

10 محرم الحرام

10 محرم الحرام کے روزہ کی اہمیت

حدیث مبارکہ اور حسنین کریمین

زیارت عاشورہ

شہادت حضرت امام حسینؓ

جنات کی روحانی واردات

ستاروں کی چال

زہرہ قران مریخ

محبت کے ستاروں کا ملاپ

وظائف حل المشکلات

نقش حفاظت

مجرب عملیات

رُخ انور ﷺ

زائچہ بنانا سیکھیں

قیمت 60 روپے فی شمارہ

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

لوح اوج زحل

قوت طاقت اور روحانیت کا سمندر

29 سال بعد سوئی ہوئی قسمت کو جگانے کا نایاب موقع

آپ کا برج کوئی بھی ہو **لوح اوج زحل** آپ کو یقینی فائدہ دے گی

وہ لوگ جو کہ اپنے آپ کو دنیا کا بدنصیب آدمی سمجھتے ہیں یا جن سے خوشیاں منہ موڑ چکی ہیں یا جو زحل کی نحوست اور ساڑھ ستی سے پریشان ہیں وہ افراد جو کہ بادشاہ سے فقیر بن چکے ہوں۔ مالی تنگی دور کرنے کیلئے، افلاس و پریشانی ختم کرنا، لڑائی جھگڑا ختم کرنا، روحانی ترقی میں اضافہ، امراض روحانی و جسمانی سے نجات، کالا و سفلی جادو، جنات و آسیب تعویزات سے نجات، دشمنوں کے کالے علم کے حملوں سے نجات پانے کیلئے لوح اوج زحل خاص کردار ادا کرتی ہے۔ یہ وقت عام انسان کی زندگی میں ایک یا دو بار آتا ہے۔ اپنی اور اہل خانہ خصوصاً اولاد کی قسمت جگانے کیلئے اور درج بالا پریشانیوں سے نجات پانے کیلئے لوح اوج زحل خاص طور سے تیار کروائیں۔ یہ قیمتی لوح آپ اپنے دوستوں کیلئے تیار کروا کر تحفتاً ارسال کر سکتے ہیں۔ وہ والدین جو کہ اپنی بچیوں کو سسرال میں خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں، لوح اوج زحل تیار کروا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسی وقت طلسم اوج زحل خاص نگینہ پر تیار کیا جائیگا۔

(**ضروری بات**) تمام الواح ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے دست مبارک سے تیار کی جاتی ہیں اس میں کسی قسم کی مشین یا پریس سے کام نہیں لیا جاتا، درست لوح وہی ہوتی ہے جو کہ صاحب علم خود اپنے ہاتھ سے تیار کرے۔

گزشتہ برس تیار کی جانے والی نگینہ اور لوح اوج زحل حاصل کرنے والے تمام قارئین کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے یہ الواح اور نگینہ جات حاصل کرنے کے بعد زندگی میں سکھ کا سانس لیا ان روحانی تحائف کی برکت سے ان تمام احباب کی زندگی خوشیوں سے بھر گئی ایسے تمام دوستوں کے روزانہ پیغامات موصول ہوتے ہیں جو کہ اب اپنی خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔ اگر آپ بھی کسی نحوست میں گرفتار ہیں اور اپنی زندگی کو خوشیوں میں بدلنا چاہتے ہیں۔ تو فوری نگینہ یا لوح اوج زحل مکتبہ روحانیات سے منگوا کر اس کے روحانی فیض سے درج بالا پریشانیوں سے نجات پا سکتے ہیں۔

لوح اوج زحل	لوح اوج زحل خاص	لوح اوج زحل بہت خاص
ہدیہ 4200 روپے	ہدیہ 7200 روپے	ہدیہ 9200 روپے

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 اکتوبر 2017ء شمارہ نمبر 4

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
زیڈ ایم ڈی ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)
عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بنگش شہزادر ضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
حسین ابن علی	3	وظائف حل المشکلات	22
زیارت شہدائے کربلا	4	اسم اعظم	23
10 محرم الحرام	5	زائچہ بنانا سیکھیں	24
10 محرم الحرام روزہ کی اہمیت	5	اوسٹیو پرسس	26
حدیث مبارکہ حسنین کریمین	9	زیتون (Olive)	31
جنات کی روحانی واردات	12	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	34
ستاروں کی چال	14	نمبر لگ گیا!	40
زہرہ قران مریخ	17	روزانہ کا لکی نمبر	41
محبت کے ستاروں کا ملاپ	18	اکتوبر لکی نمبر	42
نقش حفاظت	19	پیغامات	45
مجرب عملیات	20	آپکی ڈاک	46
رُخ انور ﷺ	21	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَ دَالْمُزَّمِّل وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

محرم، زکات سورۃ مزمل

طریقہ اول :۔ 3 محرم سے بعد نماز فجر اول آخر درود مزمل 21 بار سورۃ مزمل 21 بار پڑھیں۔ مدت عمل 21 یوم ہے بعد ادائیگی زکات روزانہ 3 بار سورۃ مزمل اول آخر درود مزمل 3 بار پڑھیں۔ بعد ادائیگی زکات کسی بھی مسئلہ کے حل کیلئے خلوت میں با آواز سورۃ مزمل 36 بار پڑھی جائے۔ مدت عمل 3 تا 7 یوم ہے۔ حد مدت عمل 21 یوم ہے۔ دوران عمل گناہ کبیرہ و صغیرہ سے ہر لحاظ سے بچا جائے۔

طریقہ دوئم :۔ 6 محرم کو قبل نماز فجر اول آخر درود شریف 72 بار کے بعد 72 سورۃ مزمل پڑھی جائے اور اس کا ثواب شہیدان کربلا کو پہنچائیں 10 محرم تک اسی طرح پڑھی جائے یہ زکات کا پانچواں دن ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے سورۃ مزمل کی روحانیت صاحب عمل کے ساتھ مکمل ایک سال تک رہے گی۔ اگلے سال عمل تجدید کی جائے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگاری کا خاتمہ ہوگا اور ہر جائز خواہش پوری ہوگی۔ روزانہ مداوت 5 بار کی جائے۔



وہی حسین محمد کا جو نواسہ تھا
وہی حسین جو شیر خدا کا بیٹا تھا
وہی حسین کہ جس سے تھی آبروئے جہاں
وہی حسین جو حق پر تھا صاف سچا تھا
وہی حسین وہ عظمت کا، رفعتوں کا سفیر
وہی حسین جو دوش نبی پہ بیٹھا تھا
وہی حسین جو تھا صاحب جلال و جمال
رسول پاک نے جس کی جبیں کو چوما تھا
وہی حسین کہ خطبے کو چھوڑ کر جس کو
رسول پاک نے جا کر گلے لگایا تھا
وہ کہ نطق رسالت نے جس کے بارے میں
حسین مجھ سے ہے میں اس سے ہوں سنایا تھا
وہی سرشت میں جس کی تھا شیوہ تسلیم
وہی جو جوہر صبرو رضا کا پتلا تھا
وہی خمیر میں جس کے تھی خوئے صدق وفا
وہی جو اپنے زمانے میں سب سے اچھا تھا
وہ روح عظمت عزم و ثبات وجرات ہے
وہ اپنے بیٹوں کی لاشوں پہ بھی نہ رویا تھا
جب اس کے خون سے سیراب ہو رہی تھی زمیں
خدا گواہ اس وقت سخت پیاسا تھا
کوئی بھی اس کی طرف سے مقابلے پہ نہ تھا
ہوا شہید تو اس وقت وہ اکیلا تھا۔
اک امتحان وفا وخلوص تھا جس میں
دیار کرب وبلا میں وہ پورا اترا تھا
ادھر ہوا تھا سر ترے بدن سے جدا
ادھر یزید کا ایوان تھرتھرایا تھا
ادھر زمین پہ ڈوبی تھی تیری نبض حیات
ادھر افق پہ نیا انقلاب ابھرا تھا۔



کربلا کے غم اٹھائے جا رہے ہیں
جفا کے تیر کھائے جا رہے ہیں
فدا کرنے کو دین مصطفےٰ پر
علی اکبر سجائے جا رہے ہیں
قدم دوشِ نبوت پر تھے جن کے
وہ کانٹوں پر پھرائے جا رہے ہیں
جہاں بے اذن آتے تھے نہ جبرائیل
وہ کاشانے جلائے جا رہے ہیں
بٹھاتے تھے نبیؐ کاندھوں پہ جن کو
وہ نیزوں سے گرائے جا رہے ہیں
ہوا تھا جون قائم جن سے پردہ
وہ بازاروں میں لائے جا رہے ہیں

سو بار رضا میری ظرف آئی ملی ہے
ہونٹوں پہ میرے ذکرِ حسین ابنِ علی ہے
تقدیس کی دیوی نے تری خاک کفِ پا
آنکھوں سے لگائی کبھی چہرے پہ ملی ہے
جو چاہے سنا دشتِ مصیبت کے ضمن میں
بس تذکرۂ شام نہ کر توبہ بھلی ہے
اے کاش حسین ابن علی حشر میں کہہ دیں
مقصود ترا دل تو میرے گھر کی گلی ہے
غلام پنجتن (محمد محسن اقبال چشتی)

حسینؑ! تم نہیں رہے تمہارا گھر نہیں رہا
مگر تمہارے بعد ظالموں کا ڈر نہیں رہا

خصوصی عمل محرالحرام

زیارت شہدائے کربلا



تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

محرم الحرام سال کا پہلا مہینہ جو کہ دکھوں آہوں اور سسکیوں کا مہینہ ہے۔ کربلا پیاس گرمی کی شدت قبل وغارت کے اس مہینے میں شہدائے کربلا نے اپنے خون کا نذرانہ دے کر تاریخ میں جو باب رقم کیا ہے۔ اس کی مثال رہتی دنیا تک نہیں ملتی دشمنان اسلام کی تلواریں اس ماہ شہدائے اسلام کے خون سے سرخ کی خداوند کریم نے چار مہینوں کو حرمت والا قرار دیا ہے۔ جس میں پہلا محرم، دوسرا رجب، تیسری ذی قعدہ، کو چوتھا ذی الحج ان مہینوں میں کفار سے لڑائی کا آغاز نہ کیا جاتا تھا اور ماہ محرم کے نام سے ہی اس کا تقدس ظاہر ہے حضرت امام حسینؑ سے منقول ہے کہ جناب رسول خدا ﷺ محرم کی پہلی تاریخ کو دو رکعت نماز پڑھتے اور جب نماز سے فارغ ہوتے تو ہاتھ بلند کر کے خصوصی دعا کو تین بار فرماتے۔ حضرت امام علی السلام سے منقول ہے کہ ماہ محرم وہ مہینہ ہے کہ کافر بھی اس مہینہ میں لڑائی کو حرام قرار دیتے ہیں۔ لیکن منافقین نے ماہ محرم میں ہمارا خون حلال سمجھا ہماری عورتوں بچوں کو قیدی بنایا۔ خیموں میں آگ لگائی مال واسباب لوٹا ان ظالموں نے حرمت رسول کی بھی رعایت نہ کی جس سے ہم منسوب ہیں۔ اس مصیبت نے ہماری آنکھوں کو خون کے آنسو رولا دیئے چاہئے کہ رونے والے اس مصیبت پر روئیں کیونکہ حضرت امام حسینؑ پر رونا گناہ کبیرہ کو محور کرتا ہے دوسری حدیث میں فرماتے ہیں کہ جب میرے جد امجد سید الشہد حضرت امام حسینؑ شہید ہوئے۔ تو آسمان نے خون اور سرخ آگ برسائی مظلوم کیلئے اس قدر گریہ زاری کریں کہ چہرہ آنسوں سے تر ہو جائے اللہ تعالیٰ تمام چھوٹے اور بڑے گناہوں کو بخش دے گا پھر فرمایا کہ اگر تو چاہئے کہ میں جس وقت دنیا سے رخصت ہوں تو کوئی باقی نہ ہو۔ پس حضرت امام حسینؑ کی زیارت کریں۔

بات کو مختصر کرتا ہوں گزشتہ چند برس قبل یکم محرم سے ہی روزہ رکھنے شروع کئے جس کی نیت ثواب شہدائے کربلا کو تھی تیسرا روزہ رکھنے کے بعد حکم ہوا کہ ایک اہم عمل تم کو سونپا جا رہا ہے اس عمل کی برکت سے مصیبت چاہئے کتنی بڑی کیوں نہ ہو شہدائے کربلا کے چہلم سے قبل ختم ہو جائے گی اور پھر جو عمل اس وقت بتایا گیا وہ کیا حیرت کی انتہا نہ رہی کہ جس قدر روحانیت میں اضافہ ہوا اور جو انعامات وکرامات کی بارش ہوئی وہ لفظوں میں بیان نہیں کی جا سکتی کیونکہ روحانیت تو صرف ایک حساس ہے اور اسے محسوس کیا جا سکتا ہے۔ یوں سمجھ لیں کہ جو افراد شہدائے کربلا کی زیارت کے متمنی ہیں، دنیاوی وآخری زندگی میں انہیں کا فیض پانا چاہتے ہیں جنہوں نے اپنے خون کا نذرانہ دے کر اسلام کی لاج رکھی بہتر تو یہی ہے کہ اس خاص عمل کیلئے یکم محرم سے روزہ رکھا جائے اور اس طرح 9 محرم الحرام کو بعد نماز عشاء شہدائے کربلا کے ثواب کی نیت سے دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ غرض تیسرے چوتھے پانچویں اور بالترتیب بہتر ویں شہید کربلا کے لئے بھی الگ الگ دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ گو کہ یہ عمل طویل ہے۔ لیکن اسی دوران وہ روحانی سرور میسر ہوتا ہے اور انوارات کی جو بارش ہوتی ہے۔ اس کو صرف صاحب عمل ہی محسوس کر سکتا ہے۔ اب رات کو گوشت سے بنی ہوئی چیز نہ کھائے اس کے علاوہ کسی بھی غذا کھا سکتے ہیں۔ طلوع آفتاب کے بعد 72 عدد لال مٹی کے کوزوں میں پانی بھریں اور اسی طرح لال مٹی کی چھوٹی کٹوری (کھولی) میں کھیر رکھیں اور 72 عدد کھجور کا اہتمام کریں نیاز اس طرح دیں کہ ایک پانی کا کوزہ ایک کھیر کی کھولی اور ایک عدد کھجور دستر خوان پر پہلے علیحدہ رکھیں اور اس سے پہلے شہید کربلا کی نیاز دیں نیاز دینے کے بعد اپنے مطلوبہ مقصد کی دعا کریں ایسے ہی دوسرے کوزہ کھیر اور کھجور پر دوسرے شہید کربلا کی نیاز دیں اور بالترتیب تیسرے چھوتے پانچویں اور بلا آخر 72 شہید کربلا کی نیاز دیں جب عمل مکمل ہو جائے تو بچوں کو بلا کر یہ تمام اشیاء ان میں تقسیم کر دیں۔ لیکن ان کو کھانا اپنے ہی گھر میں کھلائیں ایک دم سے اتنی تعداد میں بچوں کو نہ کھلا سکیں تو ایک چکر میں ان کی تعداد 5 یا 12 یا 14 ہونی چاہئے اس تعداد سے کم یا زیادہ بچے ایک چکر میں نہیں بیٹھنے چاہیں بچے جو کھجور کھائیں اس کھجور کی گٹھلی پر ایک بار یا **باسط** پڑھیں اول آخر درود شریف پانچ بار پڑھیں۔ روزانہ بعد نماز فجر ان 72 گٹھلیوں پر 72 بار یا **باسط** پڑھیں۔ یہی اسم الٰہی اپنا ورد بنا لیں۔ انشاء اللہ تا حیات کسی اور وظیفہ کی ضرورت نہ پڑے گی رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا ہر پریشانی اور مصیبت کا خاتمہ چند دنوں میں ہی ہو جاتا ہے۔

گزشتہ برس چند دوستوں کو اس عمل کی اجازت دیں ان کو بہت ہی عجیب و غریب مشاہدات ہوئے ایک دوست نے بتایا کہ 9 محرم الحرام کو نوافل کی ادائیگی کے وقت پورا کمرہ روشن ہو گیا اور ہر طرف سے خوشبویات آنے لگیں

جسم وروح اتنی ہلکی ہوگئی کہ بیان سے باہر ہے۔ایک دوست نے بتایا کہ جب عاشورہ کے روز بچوں کو نیاز دے کر آرام کی غرض سے اپنے بستر پر گیا تو پورے کمرے میں عجیب وغیر ماحول تھا ایک تیز روشنی آئی اور میرے جسم میں اتر گئی اس کے بعد جس دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتا ہوں دُعا رد نہیں ہوتی۔گزشتہ محرم ان صاحب نے عمل کیا دُعا کی کہ اس سال حج کروں الحمدللہ اس سال وہ حج پر گئے۔ایک اور عزیز نے بتایا کہ میرا ایک مسئلہ عرصہ 10 سال سے رکا ہوا تھا اس عمل کے تین روز بعد ہی ایسے حل ہو گیا۔جیسے کوئی غیبی طاقت میرے ساتھ ہو غرض اس کے علاوہ اور بھی بہت سے دوستوں نے حیران کن واقعات بتائے۔جو کہ صفحہ کی کمی کی وجہ سے تحریر نہیں کیے جا سکتے لیکن ایک بات تمام لوگوں میں مشترک پائی گئی اور جس کا مشاہدہ خود مجھے بھی ہوا وہ یہ تھی کہ عاشورہ کی رات سے اگلے روز حالت نیند میں فجر کی اذان سے قبل یہ خواب آیا کہ جیسے کسی صحرا میں کھڑا ہوں دور سے ایک گھڑ سوار دوڑتا ہوا آیا جس کے چہرے پر نقاب تھا۔بہت جاہ وجلال کے ساتھ قریب آکر رکا جس کے بعد فضا میں ایک صدا گونجی کے یہ پہلے شہید کربلا میں اسی طرح پھر دوسرا گھوڑ سوار آئے اپنے چہرے سے نقاب ہٹایا اور جب انہیں سلام کیا گیا تو سلام کا جوب دیا اور پھر سے واپس اپنے راستے پر چل دیئے اس طرح دوسرے کے بعد تیسرا اور بالترتیب بہتر ویں شہید کربلائے اسی طریقہ سے زیارت کروائی اور اپنے راستے پر چل دیئے۔یہ ایک ایسا مجرب عمل ہے کہ جس کے کرنے سے دینی و دنیاوی مقصد بھی پورے ہوتے ہیں۔جس شخص کے دل میں اہل بیت کی محبت ہے اور سینہ میں ان کا غم ہے اور آنکھوں میں انکی زیارت کی لگن ہے اور روح میں ان کی پیاس ہے تو اس عمل سے ضرور فیض حاصل کرے گا۔اور تاحیات عوام الناس کو بھی فیض پہنچاتا رہے گا۔عمل میں کامیابی کے بعد نام لے کر خصوصی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس روحانی فیض کو اسی طرح جاری رکھے۔

(نوٹ) عمل شروع کرنے سے قبل ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تحریر طور پر اس عمل کی اجازت لے لی جائے تو کوئی شک نہیں کہ عمل میں کامیابی یقینی ہو۔



10 محرم الحرام

10 محرم الحرام کو حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی۔
10 محرم الحرام کو حضرت ادریسؑ کی درجات عالیہ نصیب ہوئے۔
10 محرم الحرام کو حضرت نوحؑ کی کشتی جودی پہاڑ پر اتری۔
10 محرم الحرام کو حضرت ابراہیمؑ کو خلیل کا منصب عطا ہوا۔
10 محرم الحرام کو حضرت یوسفؑ کو جیل سے رہائی نصیب ہوئی۔
10 محرم الحرام کو حضرت یعقوبؑ کو بینائی لوٹائی گئی۔
10 محرم الحرام کو حضرت یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے نجات ملی۔
10 محرم الحرام کو حضرت یونسؑ کی قوم کی توبہ قبول ہوئی۔
10 محرم الحرام کو حضرت موسیٰؑ کی قوم کو فرعون سے نجات ملی۔
10 محرم الحرام کو حضرت عیسیٰؑ کو زندہ آسمان پر اُٹھایا گیا۔
10 محرم الحرام کو حضرت حسین کرم اللہ وجہہ کو شہادت نصیب ہوئی۔
10 محرم الحرام کو زمانہ جاہلیت میں اہل مکہ خانہ کعبہ پر غلاف چڑھایا کرتے تھے۔
10 محرم الحرام کو اس تاریخ کو قیامت قائم ہوگی۔

10 محرم الحرام کے روزہ کی اہمیت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! (10 محرم کا روزہ) گزشتہ سال کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے (صحیح مسلم)
یوم عاشورہ سے ایک دن پہلے اور ایک دن بعد بھی روزہ رکھنا مستحب ہے تاکہ یہودیوں کی مخالفت ہو سکے۔
سرکار مدینہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ رمضان کے بعد افضل روزہ اللہ تعالیٰ کے مہینے محرم کا روزہ (عاشورہ کا روزہ) اور فرض نمازوں کے بعد افضل نماز رات کی نماز (تہجد) ہے۔

آنکھیں کبھی نہ دُکھیں

فرمان مصطفیٰ ﷺ! جو شخص یوم عاشورا سرمہ آنکھوں میں لگائے تو اس کی آنکھیں کبھی بھی نہ دُکھیں گی۔
(شعب الایمان، ج ۳ ص ۳۲۷، الحدیث ۳۷۹۷)

حدیث مبارکہ اور حسنین کریمین

تحریر:۔ ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

نبی رحمتؐ نے حسنین کریمین کے بارے میں چند احادیث مبارکہ بیان فرمائی جن سے آپ کی محبت جھلکتی ہے وہ افراد جو کہ حسینؑ اہل بیت سے محبت کرتے ہیں۔ ان حدیث مبارکہ کی روشنی میں یقیناً جان جائیں گے کہ نبی رحمتؐ اپنے ان بچوں سے کتنی محبت ہے۔

حدیث شریف نمبر۱:۔ ترمذی شریف کی حدیث ہے حضرت اسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے سرکار ﷺ نے حسنین کریمینؓ کے بارے میں ارشاد فرمایا یہ دونوں میرے بیٹے ہیں۔ (مشکوۃ شریف صفحہ ۵۷۰)

یہی وجہ ہے کہ جب مباہلہ کے لئے اپنے بیٹوں کو لے کر میدان میں نکلنا ہوا تو حسنین کریمینؓ کو لے کر آئے اور اسی سبب سے حضرت امام حسن اور امام حسینؓ آج تک ابن رسول کہے جاتے ہیں اور قیامت تک ایسے ہی کہے جائینگے۔

حدیث شریف نمبر۲:۔ مسلم شریف میں زید بن ارقم سے روایت ہے سرکارؐ نے فرمایا میں تم سے دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں ان میں سے پہلی چیز اللہ تعالیٰ کی کتاب یعنی قرآن مجید ہے۔ جس میں ہدایت اور نور ہے تو خدا تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرو اور اسے مضبوطی سے تھام لو اور دوسری گراں قدر چیز میرے اہل بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں اور اس سے ڈراتا ہوں اور اس جملے کو سرکار نے دوبار فرمایا۔ مطلب یہ ہے کہ میں تاکید کے ساتھ تم لوگوں کو وصیت کرتا ہوں کہ میرے اہل بیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو ان کے حق میں ادائیگی میں ہرگز کوتاہی نہ کرو۔

حدیث شریف نمبر۳:۔ ترمذی شریف میں ہے حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حجتہ الوداع میں عرفہ کے دن سرکار ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آپ ﷺ اونٹنی پر سوار تھے اور خطبہ دے رہے تھے میں نے سنا آپ ﷺ یہ فرما رہے تھے اے لوگو میں نے تمہارے درمیان وہ چیز چھوڑی ہے کہ اگر تم اس کو پکڑے رہو گے تو کبھی گمراہ نہ ہو گے اور وہ چیز تو اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، اور دوسرے میری اولاد و ذریت میرے اہل بیت۔ (مشکوۃ شریف صفحہ ۵۶۹)

حدیث شریف نمبر۴:۔ طبرانی شریف میں ہے سرکار ﷺ نے فرمایا کوئی بندہ مومن کامل نہیں ہو سکتا جب تک کہ مجھے اپنی جان سے، میری اولاد (حسنین کریمینؓ) کو اپنی اولاد سے میرے اہل کو اپنے اہل سے اور میری ذات کو اپنی ذات سے زیادہ محبوب نہ رکھے۔ (الشرف المویدصفحہ ۸۵)

حدیث شریف نمبر۵:۔ امام احمد روایت کرتے ہیں کہ سرکار ﷺ نے حضرت حسن اور حضرتؓ کے ہاتھوں کو پکڑ کر فرمایا جس نے مجھ سے محبت رکھی اور ان دونوں سے اور ان کے والدین سے محبت رکھی وہ قیامت کے دن میرے ساتھ ہوگا۔ (اشرف المویہ صفحہ ۸۶)

حدیث شریف نمبر۶:۔ حضرت ابوذرؓ نے کعبی شریف کا دروازہ پکڑ کر فرمایا کہ میں نے سرکار ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آگاہ ہو جاؤ کہ میرے اہل بیت تم لوگوں کے لئے نوحؑ کو کشتی کی مانند ہیں جو شخص میں سوار ہوا ہوں اس نے نجات پائی اور جو کشتی میں سوار ہونے سے پیچھے رہ گیا وہ ہلاک ہو گیا۔

امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ بحمد اللہ تعالیٰ تمام اہل سنت و جماعت اہل بیت کی کشتی پر سوار ہیں اور ہدایت کے چمکتے ہوئے ستارے صحابہ کرامؓ سے ہدایت پائی لہذا ہم لوگ قیامت کی ہولناکیوں سے اور جہنم کے عذاب سے محفوظ رہیں گے۔ (مرقاۃ شرح مشکوۃ صفحہ ۲۱۰ جلد ۵)

حدیث شریف ۷:۔ سرکار ﷺ نے فرمایا خبردار جس نے میرے نسب اور رشتہ داروں کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت دی۔ (برکات آل رسول ﷺ صفحہ نمبر ۲۵۷)۔

حدیث شریف نمبر۸:۔ طبرانی و حاکم نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ سرکار ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص بیت اللہ شریف کے ایک گوشہ اور مقام ابراہیم کے درمیان چلا جائے اور نماز پڑھے اور روزے رکھے پھر وہ میرے اہل بیت کی دشمنی پر مر جائے تو وہ جہنم میں جائے گا۔ (الشرف المویدصفحہ ۹۲)۔

اہل بیت کی دشمنی سے خدا کی پناہ کہ بیت اللہ شریف کے سایہ میں مقام ابراہیم جیسی متبرک جیسی جگہ پر نمازیں پڑھنے والا اور روزہ رکھنے والا بھی اگر اہل بیت رسول ﷺ سے دشمنی رکھتا ہے تو وہ بھی جہنم کا ایندھن بنے گا اور کوئی بھی نیک عمل اسے عذاب الٰہی سے نہیں بچا سکے گا۔

حدیث شریف نمبر۹:۔ حضرت ابوبکر صدیق سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ منبر پر رونق افروز ہیں اور حضرت

حسنؓ آپ کے پہلو میں ہیں آپ کبھی صحابہ کی طرف توجہ فرماتے ہیں اور کبھی ان کی طرف اور فرمایا میرا بیٹا یہ سید ہے امید ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان مصالحت کرادے گا۔ (صحیح بخاری)

حدیث شریف نمبر۱۰:۔ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے فرمایا کہ میں نے دیکھا رسول اللہ سجدے میں ہوتے ہیں اور حضرت حسنؓ آتے تو آپ کی گردن مبارک یا پشت مبارک پر سوار ہو جاتے تو آپ انہیں اتارتے نہیں تھے وہ خود ہی اتر جاتے تھے اور میں نے دیکھا کہ آپ رکوع کی حالت میں ہوتے تو آپ انہیں اتارتے نہیں تھے وہ خود ہی اتر جاتے تھے اور میں نے دیکھا کہ آپ رکوع کی حالت میں ہوتے تو اپنے پیروں کے درمیان اتنا فاصلہ کر دیتے کہ حضرت حسنؓ کے درمیان سے دوسری طرف گزر جائے۔ (الشرف المؤید صفحہ ۶۰)

حدیث شریف نمبر۱۱:۔ حضرت براء بن عازبؓ فرماتے ہیں کہ میں نے سرکار ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ حضرت امام حسنؓ کو اپنے کندھے پر بٹھائے ہوئے ہیں اور دعا فرما رہے ہیں اے اللہ! میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت رکھ۔ (بخاری شریف صفحہ ۵۳ جلد ۱)۔

حدیث شریف نمبر۱۲:۔ حضرت ابن عباس سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ سرکار حضرت امام حسن کو اپنے کندھے پر بٹھائے ہوئے تھے کسی صحابی نے کہا نعم الراکب رکبت یا غلام اے صاحبزادے تیری سواری بہت اچھی ہے تو سرکار نے فرمایا نعم الراکب ہو اور سوار بھی تو بہت اچھا ہے۔

حدیث شریف نمبر۱۳:۔ سرکارؐ نے فرمایا حضرت ہارون نے اپنے بیٹوں کا نام انہیں کے نام پر حسن و حسین رکھا۔ (صواعق المحرقہ صفحہ ۱۱۸)۔

حدیث شریف نمبر۱۴:۔ سرکار ﷺ نے فرمایا حسن و حسینؓ جنتی ناموں میں سے دو نام ہیں عرب کے زمانہ جاہلیت میں یہ دونوں نام کسی کے نہیں تھے۔ (صوعق محرقہ صفحہ ۱۱۸)۔

حدیث شریف نمبر۱۵:۔ ابن الاعربی حضرت مفضل سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ نام مخفی رکھے یہاں تک حضورؐ نے اپنے نواسوں کے نام حسن اور حسین رکھے۔ (الشرف المؤید صفحہ ۷۰)

حدیث شریف نمبر۱۶:۔ حضرت ام الفضل بنت الحارثؓ یعنی حضور کی چچی حضرت عباسؓ عبدالمطلب کی اہلیہ محترمہ ایک دن حضور کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ آج میں نے ایک ایسا خواب دیکھا کہ جس سے میں ڈر گئی ہوں حضور علیہ السلام نے فرمایا تو نے کیا دیکھا ہے؟ انہوں نے عرض کی وہ بہت سخت ہے جس کے بیان کی میں اپنے اندر جرات نہیں پاتی ہوں۔ حضورؐ نے فرمایا بیان کرو تو انہوں نے عرض کیا میں نے یہ دیکھا کہ حضورؐ کے جسم مبارک کا ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھا گیا ہے۔ ارشاد فرمایا تمہاری خواب بہت اچھا ہے۔ ان شاء اللہ میری بیٹی فاطمہ زہرا کے بیٹا پیدا ہوگا اور وہ تمہاری گود میں دیا جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا حضرت امام حسینؓ پیدا ہوئے اور حضرت اُم الفضلؓ کی گود میں دیئے گئے۔ (مشکوۃ شریف صفحہ ۵۷۲)

حدیث شریف نمبر۱۷:۔ ترمذی شریف کی حدیث ہے: حضرت یعلی بن مرہ سے روایت ہے سرکار نے فرمایا **حسین منی وانا من حسین**۔ حسین رضی اللہ عنہ مجھ سے ہے اور میں حسین ہوں۔ یعنی حسینؓ کو حضور ﷺ سے اور حضور ﷺ کو حسین انتہائی قرب ہے۔ حسینؓ کا ذکر حضور کا ذکر ہے حسینؓ سے دوستی حضور ﷺ سے دوستی ہے۔ حسین سے دشمنی حضور ﷺ سے دشمنی ہے اور حسین سے لڑائی کرنا حضور ﷺ سے لڑائی کرنا ہے۔ اس حدیث کا مطلب علماء نے یہ بھی بیان فرمایا ہے کہ حسینؓ کو جان مجھ سے ہے یعنی میری بیٹی کا بیٹا ہے اور میری شہادت کا مظہر حسینؓ ہے یعنی حسینؓ سے میری شہادت جہری کا ظہور ہوگا۔

حدیث شریف نمبر۱۸:۔ سرکار ارشاد فرماتے ہیں کہ جس نے حسینؓ سے محبت کی اس نے اللہ تعالیٰ سے محبت کی۔ (مشکوۃ شریف صفحہ ۵۷۱)
اس لئے کہ حضرت حسینؓ سے محبت کرنا حضور ﷺ سے محبت کرنا ہے اور حضور ﷺ سے محبت کرنا اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے۔
(مرقاۃ شرح مشکوۃ صفحہ ۶۰۵ جلد ۵)

حدیث شریف نمبر۱۹:۔ حضورؐ نے فرمایا:
الحسن والحسین سیداً شباب اھل الجنۃ
حسن و حسینؓ جنتی جوانوں کے سردار ہیں (نسائی، ابن ماجہ، ابونعیم، طبرانی کبیر، دیلمی) اور ابن ماجہ نے اتنی روایت زیادہ کی ہے کہ ان دونوں کا باپ ان دونوں سے بہتر ہے اور طبرانی نے یہ بڑھایا ہے ان دونوں کا باپ ان دونوں سے افضل ہے۔ (سر الشہادتین صفحہ ۸)

حدیث شریف نمبر۲۰:۔ ابن عساکر نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ حضورؐ نے فرمایا جس نے حسنینؓ سے محبت رکھی اس نے مجھ سے محبت رکھی اور جس نے ان سے عداوت رکھی اس نے مجھ سے عداوت رکھی۔
(سر الشہادتین صفحہ ۸)

حدیث شریف نمبر۲۱:۔ ترمذی نے روایت کی حضور حسن و حسینؓ کو اٹھا لیا اور فرمایا کہ جو مجھ کو دوست رکھے گا اور ان دونوں کو دوست رکھے گا اور ان کے ماں باپ کو دوست رکھے گا تو وہ شخص روز قیامت میرے ساتھ ہوگا۔

حدیث شریف نمبر۲۲:۔حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ سرکار ﷺ نے فرمایا جو کسی جنتی جوان کو دیکھنا چاہے تو وہ حسینؓ کو دیکھے۔
(نورالابصار صفحہ۱۱۴)

حدیث شریف نمبر۲۳:۔حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ سرکارؐ مسجد میں تشریف لائے اور پوچھا بچہ کہاں ہے۔حضرت امام حسینؓ دوڑے ہوئے آئے اور حضورؐ کی گود میں بیٹھ گئے اور اپنی انگلیاں حضورؐ کی ریش مبارک میں داخل کر دیں حضورؐ نے ان کا منہ کھول کر بوسہ دیا پھر فرمایا اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں تو بھی اس سے محبت فرما اور اس سے بھی محبت فرما کہ جو اس سے محبت کرے۔ (نورالابصار صفحہ۱۱۴)

حدیث شریف نمبر۲۴:۔شوہدالنبوت صفحہ۳۰۵ میں ہے کہ سرکار ایک دفعہ گود میں ایک طرف اپنے صاحبزادے ابراہیم کو اور دوسری طرف اپنے نواسے حسینؓ کو بٹھائے ہوئے تھے جبرائیلؑ پیغام خدا لائے کہ ان میں سے ایک چن کر اپنے پاس رکھیں اور دوسرا مجھ کو واپس کیجئے۔حضورؐ نے اپنے پاس رکھنے کیلئے حسینؓ کو چن لیا اس کے چند روز بعد حضرت ابراہیمؓ وفات پا گئے اس کے بعد جب بھی حضرت حسینؓ حضورؐ کی خدمت میں آتے تو حضورؐ مرحبا فرماتے پھر ان کی پیشانی کو بوسہ دیتے اور لوگوں سے مخاطب ہو کر فرماتے کہ میں نے حسنؓ پر اپنے بیٹے ابراہیمؓ کو قربان کر دیا۔

حدیث شریف نمبر۲۷:۔حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ سرکارؐ نے فرمایا حسن و حسینؓ دنیا کے میرے دو پھول ہیں۔(مشکوۃ شریف صفحہ۵۷۰)

حدیث شریف نمبر۲۸:۔حضرت اُسامہ بن زیدؓ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں کسی ضرورت سے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ باہر تشریف لائے تو کسی چیز کو اٹھائے ہوئے تھے جسے میں نہیں جان سکا۔میں عرض کیا حضور یہ کیا اٹھائے ہوئے ہیں۔آپ نے چادر مبارک ہٹائی تو میں نے دیکھا کہ آپ کے دونوں پہلوں میں حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ ہیں آپ ﷺ نے فرمایا یہ دونوں میرے بیٹے اور میری بیٹی کے بیٹے (نواسے) پھر فرمایا اے اللہ میں ان دونوں کو محبوب رکھتا ہوں تو بھی ان کو محبوب رکھ اور جو ان سے محبت رکھتا ہے ان کو محبوب رکھا۔(مشکوۃ شریف صفحہ۵۷۰)

حدیث شریف نمبر۲۹:۔حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ سرکار ﷺ میں حال میں باہر تشریف لائے کہ آپ ایک کندے پر حضرت حسنؓ اور دوسرے کندھے پر حضرت حسینؓ کو اٹھائے ہوئے تھے یہاں تک کہ ہمارے قریب تشریف لے آئے اور فرمایا جس نے ان دونوں سے محبت کی تو اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان دونوں سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی۔(اشرف المواید صفحہ۱۷۱)

حدیث شریف نمبر۳۰:۔امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ سرکار ﷺ کے سامنے حسنین کریمین کم سنی کے زمانے میں ایک دوسرے سے کشتی لڑ رہے تھے اور حضور ﷺ بیٹھے ہوئے کشتی ملاحظہ فرما رہے تھے تو حضرت حسنؓ سے حضور ﷺ نے فرمایا حسین کو پکڑ لو۔سیدہ زہرا نے جب یہ سنا تو انہیں تعجب ہوا اور عرض کیا ابا جان آپ بڑے کو فرما رہے ہیں کہ چھوٹے کو پکڑ لو تو سرکار نے فرمایا دوسری طرف جبرائیلؑ حسینؓ سے کہہ رہے ہیں کہ حسن کو پکڑ لو۔
(نورالابصار صفحہ۱۱۴)

زیارت عاشورہ

ایت اللہ بہجتؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے استاد سید علی قاضی سے کو خواب میں دیکھا تو ان سے پوچھا ''کیا آپ کو کوئی حسرت محسوس ہوئی کہ کاش میں دُنیا میں فلاں کام کر لیتا؟ انہوں نے فرمایا ہاں مجھے حسرت ہے کاش میں زیارت عاشورہ ہر روز کئی بار پڑھتا''

دراصل قبر میں اتارے جانے کا لمحہ انسان کیلئے بھیانک ترین لمحہ ہے
ایک شخص نے امام صادقؑ سے پوچھا مجھے قبر میں جانے سے خوف آتا ہے؟
آپؑ نے فرمایا! زیادہ سے زیادہ زیارت عاشورہ پڑھا کریں۔
اس نے پوچھا زیارت عاشورہ کا قبر میں اتارے جانے سے کیا تعلق ہے؟
آپؑ نے فرمایا! کیا تم نے زیارت کے آخر میں نہیں پڑھا۔

الھم رزقنا شفاعت الحسین یو م الودود

یعنی اے اللہ قبر میں اتارے جانے کے وقت امام حسینؑ کی شفاعت مجھے نصیب ہو آپ لوگ بھی زیادہ سے زیادہ زیارت عاشورہ پڑھیں تا کہ امام حسینؑ یوم الورود کے موقع پر آپ کی مدد کو آجائیں۔

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔
2۔ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔
3۔لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔
4۔رقم وصول کرنے کا Pin Code بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔
5۔ادارہ کے فون نمبر 0300-6351192 پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

شہادت حضرت امام حُسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

تحریر :۔ حکیم حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء (کراچی)

حضرت امام حُسینؓ نے جب اہل کوفہ کے پر زور اصرار پر رخت سفر باندھنے کا ارادہ فرمایا حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور آپ کے بھائی محمد بن حنیفہؒ نے خیر خواہانہ طور پر جانے سے روکا۔ (سیر اعلام انبلاء للذہبی : ج:۳ص:۲۰۳ بمصنف ابن ابی شیبہ: ج:۱۵:ص:۹۶: رقم الحدیث:۳۸۵۱۹) مگر چونکہ آپ سفر کا عزم کر چکے تھے اس لئے یہ مشورہ قبول نہ کیا اور سفر پر روانہ ہو گئے۔

دوران سفر آپ نے اپنے چچازاد برادر مسلم بن عقیلؓ کو کوفہ میں قاصد بنا کر بھیجا تا کہ وہاں کے حالات دیکھیں اور ہمیں مطلع کریں کہ اگر حالات درست ہوں تو ہم یہ سفر اختیار کریں۔

جب مسلم بن عقیلؓ کوفہ پہنچے تو بارہ ہزار کوفیوں نے آپ کی بیعت کی ۔(الاصابہ ج۲ص۷۸ تحت الحسین بن علی)

ان حالات کے پیش نظر آپ نے حضرت حُسینؓ کو اطلاع دی کہ حالات سازگار ہیں آپ تشریف لائیں۔ حضرت حُسینؓ سفر ہی میں تھے کہ اطلاع ملی کہ عبیداللہ بن زیاد نے مسلم بن عقیلؓ کو شہید کرا دیا ہے۔ یہ خبر سن کر رفقاء سفر نے قصاص لئے بغیر جانے سے انکار کر دیا۔ (فوائد نافعہ از مولانا محمد نافع: ج:۲:ص۲۳۱)

چنانچہ قافلہ روانہ ہوا۔ مقام قادسیہ سے کچھ آگے پہنچا تو حر بن یزید ایک ہزار کے لشکر کے ساتھ نمودار ہوا اور اسے اس بات کا پابند کیا گیا تھا کہ حضرت امام حُسینؓ کو مع ان کے لشکر کے گرفتار کر کے ابن زیاد کے سامنے پیش کیا جائے۔ حضرت حُسین بن علیؓ نے یہ منظر دیکھ کر اس کو تنبیہ فرمائی کہ تم نے خود ہی خطوط لکھ کر مجھے بلوایا ہے، اب دغا بازی کیوں کرتے ہو؟ پھر آپ نے تمام خطوط اس کو دکھائے تو حر بن یزید نے آپ کو دھمکی آمیز لہجہ میں کہا "جنگ سے باز رہو! بصورت دیگر قتل کر دیئے جاؤ گے" یہ سن کر ابن علیؓ نے فرمایا: **سَاَ مُضِی وَمَا بِالْمَوْتِ هَارْ عَلیٰ الْفَعی اِذَ ا مَا لَوِیٰ حَقاً وَ جَاهَدَ مُسْلِماً:** (میں روانہ ہوتا ہوں اور نوجوان مرد کے لیے موت کوئی ذلت نہیں ہے، جب کہ اس کی نیت حق ہو اور راہ اسلام میں جہاد کرنے والا ہو) پھر آپ نے دوسرا قاصد روانہ کیا جس کا نام قیس بن مسہر تھا، ابن زیاد نے اس کو بھی قتل کروا دیا جب اس بات کی خبر حضرت امام حسینؓ کو ہوئی تو آپ کی آنکھوں سے آنسوؤں جاری ہو گئے۔ (تاریخ ابن خلدون:۲ص:۵۲۴تا۵۲۶، البدایہ والنہایہ: ج:۴ص:۵۷۰)

بالآخر آپ بہت طویل مسافت طے کر کے ۲ محرم ۶۰ھ میں میدان کربلا میں پہنچ گئے۔ ادھر ابن زیاد نے عمر بن سعد کو ایک لشکر کا سپہ سالار بنا کر میدان جنگ کی طرف روانہ کر دیا جب اس کی آپؓ سے ملاقات ہوئی تو آمد مقصد پوچھا، تو حضرت امام حُسینؓ نے عمر بن سعد کے سامنے ایک پیشکش کی کہ آپ لوگ میری طرف سے ان تین چیزوں میں سے ایک چیز کو اختیار کر لیں:

۱: یا تو میں اسلام کی سرحدوں میں سے کسی سرحد کی طرف نکل جانا چاہتا ہوں مجھے جانے دیا جائے تا کہ وہاں خوزہ اسلام کی حفاظت کر سکوں۔

۲: یا میں مدینہ منورہ کی طرف چلا جاؤں مجھے واپس جانے دیا جائے۔

۳: یا مجھے موقع دیا جائے کہ میں یزید سے اس معاملہ میں بالمشافہ بات کر سکوں۔ (فوائد نافعہ: ج:۲:ص:۲۳۲ ملخصاً)

عمر بن سعد نے اس بات کو قبول کیا اور ابن زیاد کو یہ پیش کش لکھ بھیجی جس کے نتیجہ میں ابن زیاد کے حکم بھیجا کہ میں صرف ایک بات قبول کرتا ہوں کہ حسین بن علیؓ اپنے پورے لشکر کے ساتھ ہماری اطاعت کر لیں۔

(فوائد نافعہ: ج:۲:ص:۲۳۲ ملخصاً)

حضرت امام حُسینؓ کو جب اس بات کی خبر ہوئی تو اپنے متبعین کو نہایت پر جوش انداز میں خطبہ دیا۔ تمام رفقاء نے وفاداری کا بھرپور یقین دلایا۔ رات تمام حضرات نے اپنے رب کے حضور آہ و زاری کرتے ہوئے گزار دی۔ دشمن کے مسلح سوار ساری رات خیموں کے گرد گھومتے رہے۔ آخر دس محرم کو فجر کی نماز کے بعد حضرت امام حُسینؓ نے اپنے اصحاب کی صفیں قائم کیں جن کی کل تعداد ۷۲ تھی۔ میدان کربلا میں عمر بن سعد اپنے لشکر کے ساتھ حملہ آور ہوا۔ اس طرح باقاعدہ لڑائی شروع ہو گئی۔ دونوں طرف سے ہلاکتیں اور شہادتیں ہوتی رہیں۔ آخر کار دغا بازوں کا لشکر حاوی ہوا۔ حضرت امام حُسینؓ کا خیمہ جلا دیا گیا دشمنوں نے انتہائی سفاکی اور بے دردی سے معصوم بچوں کو بھی خون میں نہلانے سے دریغ نہ کیا۔ چشم فلک نے یہ منظر بھی دیکھا جب زرعہ بن شریک نے نواسہ رسول ﷺ کے بائیں

کندھے پر تلوار کا وار کیا، کمزوری سے پیچھے کی طرف ہٹے تو سنان بن ابی عمرو بن انس نخعی نے نیزہ مارا جس کی وجہ سے آپؓ زمین پر گر پڑے۔ پھر آگے بڑھ کر اس نے خاتون جنت کے نور نظر کو ذبح کر دیا، سر تن سے جدا کر دیا۔ اس خون ریز معرکہ میں حضرت امام حسینؓ کے ۷۲ ساتھی شہید اور کوفیوں کے ۸۸ آدمی قتل ہوئے۔ ظلم بالائے ظلم یہ کہ حضرت امام حسینؓ کا سر کاٹ کر ابن زیاد کے دربار میں پیش کیا گیا تو اس نے انتہائی گستاخی کر کے چھڑی کے ذریعے نواسہ رسول کے ہونٹوں کو چھیڑ کر جسد خاکی کی توہین کی اور یزید کو لکھ بھیجا کہ میں نے حسینؓ کا سر قلم کر دیا۔

(البدایہ والنہایہ: ج:۴: ص:۵۷۴ تا ۶۰۲ ملخصاً، تاریخ ابن خلدون: ج:۲: ص:۵۲۹ تا ۵۴۸)

دسویں محرم کے ڈھلتے سورج نے انسانیت کی تاریخ کا یہ دردناک واقعہ دیکھا جس کو خون سے رنگین دھرتی نے اپنے سینے پر ہمیشہ کے لئے نقش کر دیا نوجوانان جنت کے سردار اور خانہ نبوت کے چشم و چراغ نے اپنے خون سے شجرہ اسلام کو سیراب کر کے انمٹ داستان رقم کی جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

ماہ محرم کے فضائل

ماہ محرم اپنی فضیلت و عظمت، حرمت و برکت اور مقام و مرتبہ کے لحاظ سے خصوصیت کا حامل ہے۔ اسی وجہ سے شریعت محمدیہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ابتدائی دور میں اس کے اعزاز و اکرام میں قتال کو ممنوع قرار دیا گیا۔ ارشاد ربانی ہے:

"قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ" (البقرہ:۲۱۷)

ترجمہ: کہہ دیجئے اس میں قتال کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔

اسے حرمت والے مہینوں میں سے بھی شمار کیا گیا ہے۔ ارشاد باری ہے:

"اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا ..... مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ"۔ (التوبہ:۳۶)

ترجمہ: مہینوں کی گنتی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بارہ مہینے ہے ..... ان میں چار مہینے ادب کے ہیں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا:

"اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ، اَلسَّنَةُ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا، مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلَاثٌ مُتَوَالِيَاتٌ ذُو الْقَعْدَةِ وَ ذُوالْحِجَّةِ وَ الْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادٰى وَ شَعْبَانَ.

(صحیح بخاری: ج:۲: ص:۶۷۲: باب قولہ ان عدۃ الشھور اثنا عشر)

ترجمہ: زمانے کی رفتار وہی ہے جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین کو پیدا فرمایا تھا۔ ایک سال بارہ مہینوں کا ہوتا ہے ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں جن میں سے تین مہینے مسلسل ہیں یعنی ذوالحجہ، محرم اور ایک مہینہ رجب کا ہے جو جمادی الثانی اور شعبان کے درمیان آتا ہے

محرم کے روزوں کی فضلیت

یوں تو اس ماہ میں کی جانے والے ہر عبادت قابل قدر اور باعث اجر ہے مگر احادیث مبارکہ میں محرم کے روزوں کی خصوصی ترغیب دی گئی ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

"وَاَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ صِيَامُ شَهْرِ اللّٰهِ الْمُحَرَّمِ"۔ (مسلم: ج:۱: ص:۳۶۸: باب فضل صوم المحرم)

ترجمہ: رمضان کے روزوں کے بعد سب سے بہترین روزے اللہ کے مہینہ "محرم" کے روزے ہیں۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ "مَنْ صَامَ يَوْمًا مِنَ الْمُحَرَّمِ فَلَهٗ بِكُلِّ يَوْمٍ ثَلَاثُوْنَ يَوْمًا"

(غنیۃ الطالبین للشیخ جیلانی: ص:۳۱۴: مجلس فی فضائل یوم عاشوراء)

ترجمہ: جو محرم کے ایک دن کا روزہ رکھے اس کو ایک مہینہ کے روزوں کا ثواب ملے گا۔

پھر اس ماہ کے تمام ایام میں سے اللہ رب العزت نے "یوم عاشوراء" کو ایک ممتاز مقام عطاء فرمایا ہے۔ یہ دن بہت سے فضائل کا حامل اور نیکیوں کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔ ارشاد نبوی ہے:

"وَصِيَامُ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهٗ"۔ (صحیح مسلم: ج:۱: ص:۳۶۷: باب استحباب صیام ثلاثۃ ایام الخ)

ترجمہ: جو شخص عاشورا کے دن کا روزہ رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گذشتہ سال کے (صغیرہ) گناہ معاف فرما دیتے ہیں۔

ایک دوسری روایت میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کا یہ فرمان ہے:

"مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يَتَحَرّٰى صِيَامَ يَوْمٍ فَضَّلَهٗ عَلٰى غَيْرِهٖ اِلَّا هٰذَا الْيَوْمَ عَاشُوْرَاءَ هٰذَا الشَّهْرَ يَعْنِيْ شَهْرَ رَمَضَانَ"۔ (صحیح بخاری: ج:۱: ص:۲۶۸: باب صیام عاشوراء)

ترجمہ: حضور اقدس ﷺ رمضان المبارک کے مہینہ اور دس محرم کے دن روزہ رکھنے کا اہتمام فرمایا کرتے تھے۔

نوٹ: اہل ایمان کو یہود کی مخالفت کا حکم دیا گیا ہے اور اس دسویں محرم کا روزہ چونکہ یہود بھی رکھتے ہیں اس لئے اب ہمارے لئے حکم یہ ہے کہ دسویں تاریخ کے ساتھ نویں یا گیارہویں تاریخ کا روزہ بھی رکھیں تاکہ سنت بھی ادا ہو جائے اور مخالفتِ یہود کا پہلو بھی نکل آئے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت میں ہے:

"قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: صُوْمُوْا یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَ خَالِفُوْا فِیْہِ الْیَھُوْدَ وَ صُوْمُوْا قَبْلَہٗ یَوْماً اَوْ بَعْدَہٗ یَوْماً"۔ (مسند احمد: ج:۱: ص:۲۴۱ حدیث نمبر ۲۱۵۴)

ترجمہ: تم عاشورہ کا روزہ رکھو اور یہود کی مخالفت کرو اور اس سے ایک دن پہلے یا بعد کا روزہ بھی رکھو۔

عاشورا کے دن اہل وعیال پر وسعت سے خرچ کرنا

دسویں محرم کے دن اپنی استطاعت کے مطابق حلال آمدنی سے اپنے اہل وعیال پر کھانے پینے میں وسعت کرنا برکت رزق کا ذریعہ اور فقر وفاقہ سے نجات کا سبب ہے۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا: "مَنْ وَسَّعَ عَلٰی نَفْسِہٖ وَ اَھْلِہٖ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَسَّعَ اللّٰہُ عَلَیْہِ سَائِرَ سَنَتِہٖ"۔

(الاسند کا رلا بن عبدالبر المالکی ج:۳: ص:۳۳۱ کتاب الصیام)

ترجمہ: جو آدمی اپنے آپ پر اور اپنے گھر والوں پر عاشوراء دن (کھانے پینے میں) وسعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر پورے سال وسعت فرمائیں گے۔

یعنی اس مبارک عمل کی تاثیر یہ ہے کہ اس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ سارے سال رزق میں فراخی اور وسعت کر دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے جلیل القدر صحابی حضرت جابرؓ، مشہور محدث یحییٰ بن سعیدؒ اور معروف امام وفقیہ سفیان بن عیینہؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس کا تجربہ کیا تو اس کو درست اور اسی طرح پایا۔ (ایضاً) لیکن یہ بات واضح رہے کہ مذکورہ امور جس درجے میں ثابت ہیں ان کو اسی درجے میں رکھ کر مانا اور عمل کیا جائے افراط وتفریط سے از حد اجتناب کیا جائے۔



سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

طلسم قمر



طلسم عطارد



طلسم زہرہ

طلسم مریخ



طلسم مشتری



طلسم زحل

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف واوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

لوح مشتری

عزت، مال، دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی، 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔ (اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔)

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں

0300-6351192

0333-6158193

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔

اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔

بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔

ادارہ روحانیات

قسط 39

جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

گزشتہ ماہ غیر مسلم گھرانہ سے متعلق روحانی واقعہ شائع کیا گیا تھا۔ جس میں ایک مسیحی شخص ولیم کے تین بیٹے 18 سال کی عمر میں پہنچنے کے بعد انتقال کر جاتے تھے۔ جب ان کا روحانی علاج شروع کیا گیا تو ظاہر ہوا کہ شیطانی جنات اس کے گھر پر مسلط ہیں جن کو مسخر کرنے کیلئے بچوں کے دادا یعنی ولیم کے والد نے کوشش کی کہ وہ ان شیطانی جنات کو عمل کے ذریعے مسخر کرے کسی حد تک وہ اس میں کامیاب ہوا جب تک وہ زندہ رہا یہ جنات اسکے اہل خانہ کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے مگر اس شخص کے فوت ہونے کے بعد ان جنات نے اُسکے پوتوں سے انتقام لینا شروع کر دیا۔

بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل نے دو بار خاص عمل کیا گیا جس کے پہلے مرحلہ میں مسلی جنات کو ختم کیا گیا جبکہ دوسرے مرحلہ میں ان کے سردار کا خاتمہ ہوا اس خاتمہ کے بعد سنی بے سدھ حالت میں زمین پر پڑا ہوا تھا،

ہائے میرا بھائی گیا! اس کا کچھ کر دو، اسے بچا لو، بہن اپنے بھائی کو بچانے کیلئے زور زور سے چلا رہی تھی۔

بیوی بیٹے اور بیٹی کی یہ حالت دیکھ کر ولیم نے ہاتھ جوڑ کر زور زور سے رونا شروع کر دیا اُسکے حلق سے آواز نہ نکل رہی تھی لیکن ظاہری کیفیت میں لاچار اور مجبور نظر آ رہا تھا۔

محترم قارئین! آپ اس وقت صرف تصور میں منظر کشی کریں کہ کمرہ میں دھواں بھرا ہوا ہے خوفناک چہرے نظر آ رہے ہیں بخور روشن ہے ایک لڑکا زمین پر تڑپ رہا ہے ماں اور بیٹی چلا چلا کر اسکی زندگی کی بھیک مانگ رہے ہیں ہر طرف چیخنے چلانے کی آوازیں آ رہی ہیں با آواز سورۃ مزمل کا ورد جاری ہے۔

بہت خوفناک ماحول بنا ہوا تھا لیکن ایسے وقت میں اللہ کی مدد کے سوا کوئی دوسرا چارہ نہ تھا یہ شیطانی قوت بہت طاقت ور تھی جس نے اپنے بچاؤ کیلئے بھرپور طاقت کا مظاہرہ کیا ایسے میں یقیناً ایک عام آدمی خوفزدہ ہو جاتا ہے لیکن قرآن سے بڑا کوئی دوسرا سہارا نہیں اس وقت بندہ احقر العباد کو ذرا برابر گھبراہٹ نہیں ہوئی کیونکہ ایسے واقعات اور مناظر پہلے بھی کئی بار پیش آ چکے تھے، اگر ایسے وقت میں بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل خود گھبرا جاتا تو وہ طاقتور شیطانی قوت یقیناً ان تمام لوگوں کا خاتمہ کر دیتیں مگر سورۃ مزمل کی برکات اور اسکی روحانیت موکلات جنات العمل اُن سے کئی گنا طاقتور ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ بندہ احقر حقیقت سے آشنا تھا۔ سورۃ مزمل کی برکت سے جلتے ہوئے بخور پر قریب رکھے ہوئے پانی کے چھینٹے مارے اَن بجھے کوئلوں سے گہرا دھواں اٹھنا شروع ہو گیا کمرہ کے چاروں کونوں سے سفید ہلکا دھواں اُٹھ رہا تھا جو کہ برکاتی پیالہ سورۃ مزمل میں رکھے ہوئے پانی کے چھینٹے مارنے سے ختم ہونا شروع ہو گیا۔ چند چھینٹے کمرہ میں موجود ان افراد پر بھی پھینکے گئے جسکی برکت سے آہستہ آہستہ ماحول بہتر ہونا شروع ہوا۔

زمین پر تڑپتے ہوئے سنی میں کچھ ٹھہراؤ کی کیفیت آئی وہ بے سدھ زمین پر پڑا ہوا تھا ماں اور بیٹی 18 سالہ سنی کے بے سدھ ہونے پر اُسے زور زور سے جھنجھوڑ رہے تھے۔ کمرہ میں خوفزدہ ماحول کسی حد تک کم ہو چکا تھا۔

دھواں ختم ہو گیا اور وہ شیطانی قوت اپنے انجام کو پہنچی مگر سنی ابھی تک بے ہوشی کی حالت میں زمین پر پڑا ہوا تھا۔ سورۃ مزمل کا ورد مکمل کیا۔ برکاتی معجزاتی پیالہ سے چند گھونٹ تمام اہل خانہ کو پلائے اور اس پانی کے چند چھینٹے ان کے چہرہ پر مارے مگر سنی کو کسی طرح ہوش نہ آ رہا تھا۔

(برکاتی معجزاتی پیالہ سورہ مزمل ادارہ سے مل سکتا ہے۔)

سنی کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر سورۃ مزمل با آواز 3 بار پڑھنا شروع کی ابھی دو بار بھی ورد مکمل نہ ہوا تھا کہ اُس نے آنکھیں کھول لیں اسکے جسم پر نیلے رنگ کے نشانات موجود تھے۔

کیا ہوا بیٹا، وہ نشان زدہ جسم پر ہاتھ پھیرتے ہوئے اپنے بیٹے سے پوچھ رہی تھی تم ٹھیک تو ہو ناں! ماں نے بیٹے سے پوچھا۔

وہ بہت خوفناک اور طاقتور ہے اُسنے اپنے ہاتھ اور ناخنوں سے مجھے بہت مارا پھر منہ کے ذریعے میرے جسم میں داخل ہو گیا تھا اور پورے جسم کو توڑ کر رکھ دیا تھا میرا دماغ پھٹا جا رہا تھا میرے جسم میں داخل ہونے کے بعد اندر سے گوشت کو پھاڑ رہا تھا، سانس رُک رہا تھا، مجھے کچھ سنائی نہ دے رہا تھا، کچھ سمجھ نہ آ رہا تھا کیا کروں، پھر اچانک میرے کانوں میں قرآن کی آواز آئی تو اُسکی گرفت کمزور پڑتی گئی۔ جیسے جیسے کانوں میں قرآن کی آواز پڑتی گئی وہ کمزور سے کمزور تر ہوتا چلا گیا پھر ایسے محسوس ہوا کہ وہ ناک سے نکل کر

میرے جسم سے باہر سامنے کھڑا ہوگیا ہو، قرآن کی تلاوت کی آواز مسلسل آ رہی تھی، جسم میں کچھ سکون ہوا تو ایسا لگا کہ جیسے میں کسی دوسری دنیا میں پہنچ چکا ہوں دیکھتا ہوں کہ وہ شیطان راکھ اور پانی کی شکل میں بہہ گیا میرے جسم پر گہری غنودگی چھا گئی۔ سنی نے اپنی ماں کو کیفیت سے آگاہ کیا۔

بیٹے کے ماتھے کو چومتے ہوئے میرالعل اور میری جان کہہ کر وہ اُسے اپنے سینے سے لگا رہی تھی منظر قابل دید تھا مگر کلام اللہ کی طاقت کا اندازہ اس مسیحی خاندان کو ہو چکا تھا۔

ولیم آگے بڑھا قدموں کو چھونا چاہتا تھا مگر بندہ احقر کو یہ سب پسند نہ ہے اس لئے ولیم کو ایسا کرنے سے روک دیا گیا۔ وہ ہاتھ باندھے مسلسل روئے جا رہا تھا اُس کے منہ سے الفاظ ادا نہیں ہو رہے تھے لیکن اس کی آنکھیں چہرا اور جسم کی حرکات وسکنات سے مکمل طور پر ظاہر تھا کہ وہ انتہائی عاجزانہ طور پر شکریہ ادا کر رہا ہے۔

سنی اب اُٹھ کھڑے ہوں اپنے والد کے پاس آ کر بیٹھو اللہ نے تم رحمت اور مہربانی کر دی ہے اب ان شاءاللہ کوئی بھی شیطانی قوت تمہارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتی قرآن کی طاقت سے بڑی کوئی دوسری طاقت نہیں ہے۔ ذات رب رحیم صرف معبود الٰہی ہے مان لو کہ نا اُسکا کوئی باپ ہے اور نہ وہ کسی کا بیٹا۔ یہی نظریہ توحید ہے کہ ایک اللہ پر ایمان ایک رسول پر ایمان اُسکے نبی ورحمت سے پہلے انبیاء پر ایمان، انبیاء کی کتابوں پر ایمان، ملائکہ پر ایمان اور یوم آخرت روز جزاء وسزا پر ایمان اگر ان تمام باتوں کو ذہن نشین کر لو اور گواہی دے دو اور کلمہ حق پڑھ لو تو یقیناً تمہاری آخرت سنور جائیگی۔ دُنیاوی معاملات کی بہتری خوشحالی اضافی انعام کے طور پر رب رحیم کریم وغفور کی جانب سے تمہاری جھولی میں ڈال دیئے جائینگے۔ بندہ احقر نے ان افراد کو سمجھاتے ہوئے سورۃ اخلاص پڑھ کر سنائی اور اس کے بعد اس سورۃ مبارکہ کا ترجمہ بھی بتایا،

''کہو اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نا وہ کسی سے پیدا کیا گیا نہ کوئی اُس سے پیدا ہوا۔ اور کوئی اُسکا ہمسر نہیں'' (بے شک وہ اکیلا ہے)

اُن چاروں افراد کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے بالکل واضح تھا کہ دلی طور پر وہ توحید پر ایمان لا چکے ہیں بندہ احقر نے سنی کو پیار کیا اُس کے والد سے خواہش ظاہر کی کہ اب تمام لوگ اپنا نام مسلم نام کے مطابق رکھیں اور باقاعدہ طور پر کلمہ حق دل وزبان سے ادا کریں۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا یہ خوشی کا لمحہ تھا۔

اچانک خیال آیا کہ آخر سنی کی یہ کیفیت کیوں ہوئی جب اہل خانہ کو حصاری عددی نقش دیا گیا تھا۔

نہاتے ہوئے سنی نے وہ نقش اتار کر لٹکایا اور واپس گلے میں ڈالنا بھول گیا یہی ذرا سی غلطی شیطانی قوتوں کے دوبارہ مسلط ہونے کا سبب بنی۔

باقی لوگوں کے گلے میں وہ نقش موجود تھا جس وجہ سے وہ شیطانی قوتیں ان پر مسلط نہ ہوئیں۔ دوبارہ تاکید کی گئی کہ اب حصاری نقش اپنے سے جدا نہیں کرنا ہے تاکہ دوبارہ کسی نئی مصیبت میں مبتلا نہ ہوں۔ صدقہ رد بلا ہے اسی حدیث کے پیش نظر انہیں ہدایت کی گئی کہ کچھ رقم کا بندوبست کرو تاکہ صدقہ دے سکو اور یہ صدقہ مسلسل 5 روز تک دینا ہوگا۔ لڑکے کا والد یہ بات سُن کر گہری سوچ میں چلا گیا۔ صدقہ کے بارے میں بتا دیا گیا کہ کل پہلا روز ہے 7 عدد کبوتر خرید کر لائیں۔ ہر کبوتر کو اپنے ہاتھ سے ذبح کریں اور چیل کوؤں کو ڈال دیا جائے۔ اس طرح مسلسل 5 روز تک یہ صدقہ کیا جائے۔ ہدایت کی گئی کہ اب 40 روز تک کسی قسم کا گوشت یا کچی سلاد ہرگز استعمال نہ کریں۔ حصاری نقش 1 عدد گھر میں لگانے کیلئے دیا گیا اور ہدایت یہ بھی کی گئی کہ ہر کمرہ میں سورۃ مزمل کا فریم لگایا جائے تاکہ کسی بھی قسم کے جادو، حسد، بغض، شیاطین، جنات، پریشانی اور مشکلات سے بچا جا سکے اور پھر ایسا ہی کیا گیا دو سے تین ماہ بعد یا خاندان دوبارہ حاضر ہوا اب حالات پہلے سے یکساں تبدیل ہو چکے تھے۔ صحت مند بیٹے کو ساتھ لئے باپ کے چہرے سے خوشی جھلک رہی تھی۔ اس بار یہ لوگ اپنی باتوں میں خدا اور یسوع مسیح کی بجائے لفظ اللہ کا استعمال کر رہے تھے گفتگو میں ان شاءاللہ، الحمداللہ، اللہ کا کرم ہوا جیسے الفاظ استعمال کرتے ہوئے نظر آئے۔ ان کے گلوں میں صلیبیں بھی نہ تھی بلکہ قرآنی عددی نقش موجود تھے ویسے بھی عددی نقش عام لوگوں کے دینے کی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ وضو یا بے وضو یا ناپاکی حالت میں رہنے کی بناء پر عددی نقش کی قوت اور تاثیر پر فرق نہیں پڑتا۔ انہیں تہہ کر کے روئی اور پلاسٹک میں بند کر دیا جاتا ہے اور پھر چاندی کے خول میں اسے مکمل طور پر بند کر دیا جاتا ہے جسے اس نقش کا پردہ ہو جاتا ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے کلام کی برکت سے اس خاندان کے دلوں پر ایمان کی نور سے منور کیا، کفر اور گمراہی سے نکل آئے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اس خاندان کو ہدایت دینے کی جس وجہ سے اُنہیں امتحان، مشکل، آزمائش سے گزارا۔

محترم دوستو جو بھی افراد بے غرض ہو کر دُکھی انسانیت کی روحانی امداد کر رہے ہیں جب تک مخلص نہ ہونگے کامیابی آپ کے قریب نہ آئیگی۔ اپنے ان صفحات میں بلا بخل مجرب اعمال واقعات کے ساتھ اس غرض سے تحریر کرتا ہوں کہ وہ لوگ جو کہ روحانیت کا شوق رکھتے ہیں۔ ان مجرب اعمال سے مکمل طور پر فائدہ حاصل کر سکیں۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

زہرہ قران مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	05	09:00 تا 10:00	15:50 تا 16:48	مشرق	20:52 تا 21:53	شمال

مرتبہ سے گرانا

(**مقصد عمل**) ستاروں کی نظر کی ابتداء میں حاسدین اور مخالفین کو اپنے مرتبہ سے گرانے کے لیے یا ان کو ذلیل کرنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے یاد رہے کہ عام حالات کے چھوٹے موٹے اختلافات کی بناء پر یہ عمل نہ کیا جائے اگر بہت بڑی مجبوری ہو یا حاسدین ومخالفین سے آپ پریشان ہوں ان سے بچاؤ کا کوئی طریقہ نہ ہو تو آپ اس عمل کو کر سکتے ہیں۔

(**عمل**) 1 تسبیح استغفار 3 عدد لیموں اور ہر لیموں کے لیے 13 عدد سوئیاں پاس رکھیں ہر سوئی پر ایک بار سورہ کوثر پڑھیں اور لیموں میں پیوست کر دیں اسطرح سے ہر لیموں میں 13 سوئیاں پیوست ہونگی اور ایسے ہی 3 لیموں آپ بنائیں گے 1 لیموں کو آپ مخالفین کے گھر یا عمارت میں پھینک دیں دوسرا لیموں قبرستان میں دفن کر دیں اور تیسرا لیموں کسی کھنڈر مکان کے اندھیرے کمرے میں رکھ دیں ان شاء اللہ آپ کا دشمن مقہور ہوگا حاسدین اور مخالفین پر آپ غالب آئیں گے اس عمل میں بسم اللہ اور درود شریف نہیں پڑھنی پڑتے وقت اپنے مخالفین کا مکمل تصور ذہن میں رکھیں۔ بعد میں 360 روپے کی نمکین چیز بچوں میں تقسیم کر دیں، عمل کے دوران کھٹی یا کڑوی شے منہ میں لازمی رکھیں۔

زہرہ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	08	07:05 تا 08:03	13:51 تا 14:49	جنوب مغرب	20:49 تا 21:51	جنوب

سزا بدکاری

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کے لیے عمل کیا جا سکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کے لیے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کے لیے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو انشاللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اِس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے

اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا۔

نقش بنانے کیلئے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اپس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	09	10:00 تا 11:00	16:44 تا 17:42	جنوب	18:44 تا 19:46	مغرب

خاتمہ جادو

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں جادو کے خاتمہ کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یعنی کوئی بھی شخص جس پر کوئی کالا یا سفلی علم ہوا ہو اور وہ شخص مسلسل ناکامی مایوسی کا شکار ہو کہ لاکھ کوشش کے باوجود بھی اس جادو کا توڑ نہ ہو رہا ہو۔

(**عمل**) اس نظر میں سفید چینی کی پلیٹ پر مع تعوذ وتکبیر، آخری دو قل لکھیں زعفران کی سیاہی استعمال کریں اور آب زمزم سے اس پلیٹ کے نقش کو دھو کر بوتل میں محفوظ کر لیں اس پانی کو 14 روز بلا ناغہ اذان عصر استعمال کریں پانی پینے کا طریقہ اس طرح ہو کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ اللہ اکبر** اور اس کے بعد آخری دو سورۃ

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

مبارکہ (سورۃ الفلق، سورۃ الناس) پڑھ کر پھونک دیں پہلا گھونٹ پینے کے بعد 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور دوسرا گھونٹ پینے کے بعد پھر 3 بار تعوذ اور تکبیر پڑھیں اور تیسرے گھونٹ پر بھی 3 بار تعوذ اور تکبیر کا ورد کریں اس پانی کو مسلسل 14 روز تک استعمال کریں پانی پینے کے بعد دونوں ہاتھوں کو گیلا کرلیں اور پورے جسم پر پھیر لیں انشاء اللہ جلد ہی جادو کے اثرات ختم ہونگے عمل کے آخری دن 2 0 7 روپے کی شیرنی بچوں میں تقسیم کردیں۔ نقش بنانے کے لیے 5296 کا مربع آتشی درج بالا طریقہ کے مطابق بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ جلد ہی جادو کا توڑ ہوگا۔

مریخ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	11	10:00 تا 11:00	16:41 تا 17:39	شمال مغرب	21:49 تا 22:53	شمال مشرق

بندش ڈالنا

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نحس نظر کے تحت مخالف پر بندش کاروبار ڈالنا یا اہل قلم کا قلم بند کرنا یا دشمن کی دماغی قوتوں کو بند کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے نیز دشمن پر کسی بھی قسم کا غلبہ دباؤ یا مصیبت و آفت طاری کرنے کیلئے عمل کی قوت سے کام لیا جاسکتا ہے لیکن یاد رہے کہ مذکورہ عمل کے تحت موکلات و جنات سفلی اس قدر غضب ناک ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بلاوجہ یا معمولی سی رنجش کی بناء پر کسی کو ناحق پریشان کرے گا تو عمل کی روحانی قوت کے تحت وہ شخص ایسی مصیبت اور پریشانی میں گرفتار ہوگا کہ تا حیات جان بخشی نہ ہوگی۔

(**عمل**) درج بالا ساعتوں میں سہہ جانور کا کانٹا جو کہ قبل از وقت مہیا کیا گیا ہو۔ لیموں کا عرق حاصل کریں بھوج پتر یا سیاہ کپڑے پر اس عرق کی سیاہی سے اس کانٹے کو بطور قلم استعمال کریں۔ مربع آتشی خاکی چال کا 306 عدد رفتار سے بلا کٹ پُر کریں۔ نیچے مقصد تحریر کریں۔ دشمن کا پہنا ہوا کپڑا یا بال مل جائے تو وہ اُس میں لپیٹ دیں۔ اب ایک لیموں کو کاٹ کر اس کے درمیان میں سہہ کا نٹا پروتے ہوئے قبرستان میں دفن کردیں۔ جس شخص کے لیے درج بالا ساعت میں بدعا کی جائیگی۔ اُس پر ویسے ہی مصیبت و عذاب نازل ہوگا لیکن قارئین اس عمل کو بلا اجازت ہرگز نہ کریں۔ قبل از عمل استخارہ لازمی کریں کیونکہ عمل نہایت سخت ہے استخارہ میں اجازت عمل ملے تو شوق سے کریں ورنہ دشمن کو معاف کرنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

(**نوٹ**) یہ عمل عام ہرگز نہیں صرف اہل علم کی خدمت میں اس نیت سے پیش کیا جارہا ہے کہ بوقت اشد ضرورت ظالم و جابر شخص کیلئے کیا جاسکے۔

عطارد تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	13	07:08 تا 08:05	12:51 تا 13:48	مشرق	20:45 تا 21:48	شمال

حصول ترقی مرتبہ

(مقصد عمل) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کہ خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو آج کے اس عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاءاللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔

نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

شمس تسدیس زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	16	10:00 تا 11:00	16:36 تا 17:33	جنوب مغرب	20:43 تا 21:47	جنوب

خاتمہ بندش روزگار

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) آج کے اس عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چال اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کردیں۔ روزانہ ایک چھوارہ لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھالیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کرلیا جائے (ادارہ)

چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گھٹلیوں پر 72 بار یا باسط پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

شمس قران مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	26	08:11 تا 09:06	14:36 تا 15:31	شمال مغرب	19:32 تا 20:37	شمال مشرق

حصول عزت مال و دولت

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت عزت دولت مرتبہ و جلال حاصل کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) چاندی کی تختی پر حرف ا (الف) 1000 بار لکھ کر نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں لکھیں۔ آخر میں مشک و زعفران کی دھونی دے کر اس تختی کو جس بھی شخص کے گلے میں لٹکائیں گے وہ شخص اپنے حلقہ احباب میں مرتبہ و جاہ و جلال پا سکے گا۔ شرط ہے کہ روزانہ ایک تسبیح ''السلام علیکم یا اسرافیل بحق یا اللہ بحق الف'' اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ لفظ الف لکھتے اور پڑھتے وقت تصور اسم اللہ کا رکھیں تو انشاء اللہ جس مقصد کے لئے بھی اس لوح کو استعمال میں لایا جائے گا مکمل فائدہ حاصل ہوگا۔

نقش بنانے کیلئے چاندی کی تختی پر عدد 111 میں طالب کے اعداد کے نام مع والدہ شامل کریں۔ اس کے علاوہ ''تسخیر خلائق'' کے اعداد بھی شامل کر کے مسدس نقش خاکی چال سے پُر کریں اور درج بالا طریقہ کے مطابق پڑھ کر اس پر دم کر دیا کریں تو ان شاء اللہ صاحب لوح کو کسی بھی قسم کی پریشانی اور مشکل کا سامنا نہ ہوگا۔

ہبوط زہرہ

سیارہ زہرہ جب آسمان پر گردش کرتے ہوئے برج سنبلہ کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو اس سیارہ کو ہبوط ہو جاتا ہے یہ نحس ترین طاقت ہے جس میں زہرہ سے متعلق تمام امور نحس ہو جاتے ہیں اس خاص وقت میں نفرت و نفاق ڈالنا دو لوگوں کے درمیان جدائی پیدا کرنا گھر میں لڑائی جھگڑا یا کسی شخص مثلاً ڈاکٹر، استائذہ کرام، وکیل یا شوبز سے تعلق رکھنے والے افراد یا دوکاندار حضرات یا کسی بھی شخص کے نکاح کو باندھنے کیلئے زہرہ کے درجہ ہبوط سے اپنا مقصد حل کیا جاسکتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ اگر آپ آج کسی کیلئے برا کریں گے تو کل آپ کے ساتھ بھی ایسا ہو سکتا ہے بہتر ہے کہ درج بالا تمام امور استعمال کیا جائیں کہ ایسے لوگ جو کہ معاشرہ کیلئے باعث بدنامی ہو یا ناجائز ارادے رکھتے ہوں ایسے لوگوں کیلئے اس خاص وقت میں عمل تیار کئے جاسکتے ہیں۔ اس سال ہبوط زہرہ 11 اکتوبر بروز بدھ 09 بجکر 44 منٹ تا 12 اکتوبر بروز جمعرات صبح 05 بجکر 06 منٹ پر ہوگا۔

پہلی ساعت 11 اکتوبر 11:54 تا 12:52 شمال مغرب

دوسری ساعت 11 اکتوبر 06:42 تا 07:44 شمال مغرب

تیسری ساعت 12 اکتوبر 02:00 منٹ تا 03:00 شمال مشرق

ہبوط شمس

سیارہ شمس کو میزان کے 19 درجہ پر ہبوط ہوتا ہے وہ نحس درجہ ہوتا ہے جہاں پر شمس اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے یعنی اس سے ملنے والے پھل مثلاً عزت دولت شہرت سب کچھ نحس ہو جاتے ہیں۔ جبکہ اسی کے مقابل حمل کے 19 درجہ پر جو کہ 8 یا 9۔ اپریل کو آتا ہے سیارہ شمس اپنی بھرپور طاقت میں ہوتا ہے ماہ رواں میں شمس حالت نحس سے گزر رہا ہے مندرجہ ذیل تواریخ میں سیارہ شمس درجہ ہبوط سے گزرتے ہوئے خاص طور پر حملی اسدی اور قوسی افراد کیلئے پریشان کن ثابت ہو سکتا ہے۔ اس سال ہبوط شمس 11 اکتوبر بروز بدھ 08 بجکر 15 منٹ تا 12 اکتوبر بروز جمعرات صبح 08 بجکر 31 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران دشمن کے مال و زر کی بربادی کسی کو مرتبہ سے گرانے کیلئے، ظالم کو سزا دینے کیلئے، یا ظالم حکمران یا دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کیلئے اس خاص وقت میں خاص اعمال کئے جاتے ہیں۔

پہلی ساعت 11 اکتوبر 10:57 تا 11:54 شمال مغرب

دوسری ساعت 11 اکتوبر 05:40 تا 06:42 شمال مغرب

تیسری ساعت 12 اکتوبر 00:57 تا 02:00 شمال مشرق

حالت قمر

قمر در عقرب: 20 اکتوبر 06:40 تا 22 اکتوبر 16:56

ہبوط قمر: 20 اکتوبر 10:29 تا 08:40

قمر در ثور: 07 اکتوبر 04:55 تا 09 اکتوبر 06:44

شرف قمر: 07 اکتوبر 08:16 تا 21:57

شادی بیاہ کی تاریخیں

2.3.4.8.9.10.13.14.15.16.23.24.28.29

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔ ادارہ روحانیات

زہرہ قران مریخ

تحریر:۔ علامہ سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

دستو کوئٹہ کا موسم سرد ہوتا جارہا ہے گرمیوں کو خیر آباد کہا جارہا ہے۔ ماہنامہ تحفہ روحانیات ہمارے کوئٹہ میں سب سے زیادہ پسند کئے جانے والا روحانی رسالہ ہے۔ پاکستان میں ایک وسیع حلقہ احباب روحانیت کے مشتاق حضرات ماہنامہ تحفہ روحانیات سے فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ خاص طور سے کوئٹہ میں ایک بہت بڑا روحانی حلقہ ہے جو کہ اس ماہنامہ کے انتظار میں رہتا ہے۔ روحانیت سے دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کیلئے اس میں بہت سارا روحانی مواد ہوتا ہے۔ موجودہ دور میں بڑھتی ہوئی پریشانیاں ہر نوعیت فرد کیلئے سامنے کھڑی ہوتی ہے اگر زندگی کی ترتیب کو دیکھا جائے تو جب بچہ چھوٹا ہوتا ہے تو والدین کو اس کی تعلیم و تربیت کی فکر رہتی ہے بہترین تعلیم اور بہترین تربیت دے دی جائے تو تعلیم مکمل کرنے کے بعد اسکے روزگار کی فکر میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ بہترین نوکری ملے یا اپنا بڑا کاروبار کرے۔ اگر نوکری مل گئی تو وہاں دشمن، تنخواہ جتنی بھی ہو گزارہ مشکل ہوتا ہے چلو یہ بات بھی ایک طرف اب بچہ جوان ہو گیا اُسکی شادی کی فکر اچھے رشتے کی تلاش میں کئی امتحانات سے گزرنا پڑتا ہے بہو یا داماد اچھا مل گیا تو گھر جنت ورنہ ایک نیا عذاب شروع ہو جاتا ہے۔ بناہ اچھا ہوا تو اولاد کی فکر جب اولاد ہو جائے تو اسی فکر و پریشانی میں زندگی گزر جاتی ہے۔

مگر اس ماہ کے خاص مضمون میں اپنی اُن شادی شدہ بہنوں اور بیٹیوں کیلئے خاص قرآنی عمل شائع کروا رہا ہوں جو کہ اپنے شوہروں کے نامناسب رویہ سے تنگ ہیں۔ شوہر گھر پر توجہ نہ دیتے ہوں یا غیر عورتوں میں دلچسپی رکھتے ہوں لہٰذا آج کے مضمون میں آپکو آزمودہ عمل بتایا جارہا ہے اس کو خیر و شر کی منزلوں سے ہمکنار کرنا آپ کی مرضی ہے۔ بس اتنی گزارش ہے کہ خیر کیلئے اٹھایا گیا قدم معاشرے میں نیک نامی کا سبب بنے گا۔ اور شر کیلئے کیا گیا کام بدنامی کا باعث بنے گا۔ ہمارے اردگرد ایسے افراد بھی رہتے ہیں جن کے گھروں میں خوبصورت بیویاں ہوتی ہیں لیکن ان کے شوہر ناجائز حرکتیں کرنے کیلئے آوارہ عورتوں سے تعلق استوار کر کے اپنے گھر اور خاندان کی ذلت کا باعث ہوتے ہیں۔ اگر ایسے تعلقات کا توڑ ہو تو یہ کسی بھی معاشرے اور کسی بھی مذہب میں نیکی کا کام گنا جائے گا۔ اس لئے اس ماہ کا ایک ایسا عمل ایسے تعلقات کو توڑنے کیلئے ہے۔

وقت مقررہ سے پہلے چاندی اور تانبہ ہم وزن کا مخلوط پترا بنوالیں اس پترے پر 4x4 کے خانے بنوا کر رکھ لیں اب ان دونوں کے نام مع والدہ کی تعداد ابجد قمری سے حاصل کریں جن کے ناجائز تعلقات ختم کروانے ہیں اس تعداد کا آیت

"والقینا بینھم العداوۃ والبغضآء الی یوم القیامۃ"

(سورہ مائدہ 69)

کی تعداد 3336 کو نام کی تعداد میں شامل کریں کل تعداد سے 30 کو تفریق کریں بقیہ کو 4 پر تقسیم کریں حاصل تعداد کو خانہ اول میں رکھ کر ترتیب سے نقش بھرتے جائیں اگر تقسیم سے باقی ایک بچے تو خانہ 13 میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر 2 بچیں تو خانہ 9 میں ایک ایک اضافہ ہوگا۔ اور اگر 3 بچیں تو خانہ 5 میں ایک اضافہ ہوگا بعد میں چاروں طرف سے میزان کر کے دیکھ لیں اگر ہر ایک لائن میں آیت اور نام کی تعداد پوری نکلے تو نقش صحیح ہے۔ اور وقت پر اسی کے مطابق پترے پر نقش بھر لیں بعد تیاری کے اگر دونوں کے پہنے ہوئے کپڑوں کے ٹکڑے حاصل ہوں تو ٹھیک ورنہ کسی ایک کے کپڑے کے ٹکڑے کو سلگا کر اس پترے کو دھواں پہنچاتے رہیں دھوئیں کا عمل نام کے سرحرف کے مطابق دن حاصل کریں مثلاً علی احمد کا پہلا حرف ع ہے۔ جو برج حمل سے تعلق رکھتا ہے لہٰذا منگل کے دن عمل ہوگا۔ نقش بھرتے وقت زہرہ مریخ کے بخورات اور عداوت کے بخورات سلگاتے رہیں نقش کی چال بتائی جارہی ہے۔

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

زہرہ قران مریخ

تحریر:۔ حکیم علامہ حافظ عتیق الرحمن ضیاء (کراچی)

محبت کے ستاروں کا ملاپ، تسخیر خاص اعمال حُب کا سنہری موقع

زہرہ اور مریخ کا قران جذب و کشش اور دلوں میں گداز پیدا کرنے کی زبردست تاثیر رکھتا ہے

عزیزان من! سیارہ مریخ مذکر ہے اور مرد سے منسوب ہے اور زہرہ مونث ہے اور عورت سے منسوب ہے۔ علم نجوم کے قواعد کی روشنی میں یہ دونوں سیارے عاشق و معشوق ہیں۔ لہٰذا ان دونوں کے درمیان قران (ملاپ) معاملات عشق و محبت اور دلوں میں گداز پیدا کرنے کے لیے معاون و مددگار ہے۔ چنانچہ اس وقت میں اعمال جفر سے کام لے کے عورت و مرد کے درمیان کشش و محبت پیدا کی جاسکتی ہے۔ پسند کی جگہ شادی یا میاں بیوی کے درمیان محبت کے لیے نقش و طلسم تیار کیے جاسکتے ہیں۔ ناراض محبوب کو راضی کیا جاسکتا ہے، کسی اجڑتے ہوئے گھر کو آباد کیا جاسکتا ہے۔

خاتم و لوح تسخیر

اس خاص موقع پر طلسمی اثر کا حامل ایک جفری طریقہ ہدیہ قارئین کیا جارہا ہے، لوگ ایسے رازسینوں میں چھپا کر رکھتے ہیں، اگر آپ چاہتے ہیں کہ تسخیر کی قوت کے حامل بن جائیں، لوگ آپ سے محبت کریں اور آپ کی طرف کھنچے چلے آئیں، قران زہرہ و مریخ کے اوقات میں خاص طور پر 4 اکتوبر صبح 05:55 سے 7 اکتوبر 13:44 کے درمیان یہ طلسم خاص تیار کر کے اپنے پاس رکھیں اور پھر تماشہ دیکھیں کہ لوگ آپ سے کیسے محبت کرتے ہیں اور آپ کے لئے کس طرح دیوانہ ہوتے ہیں، یہ طلسم خاص عورت اور مرد دونوں کے لئے ایک زبردست کشش کا باعث ہوگا، وہ مرد و خواتین جو یہ شکوہ کرتے ہیں کہ کوئی ان کو پسند نہیں کرتا یا ان پر توجہ نہیں دیتا، حیرت انگیز نتائج ملاحظہ کریں گے، وما توفیقی الا باللہ۔

واضح ہو کہ حسن و عشق کا ستارہ زہرہ ہے اور منازل قمری میں اس کا تعلق چار منازل سے ہے، بطین، دبران، عوا اور اخبیہ۔ چاروں منازل سے منسوب حروف تہجی بھی چار ہیں، ب د م ذ۔

وہ خواتین و حضرات جو یہ طلسم تیار کرنا چاہیں اپنے پورے نام کے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے لکھیں، والدہ کا نام شامل کرنے کی ضرورت نہیں اور نام کے ساتھ خاندان و نسل کے تشخص کے لئے جو لفظ لگائے جاتے ہیں مثلاً: سید، خان، صدیقی، فاروقی وغیرہ ان کی بھی ضرورت نہیں ہے، صرف اپنا خالص نام لیں اور نام کے حروف کو الگ الگ کر کے ایک سطر میں لکھ لیں مثلاً آپ کا نام محمد طارق ہے یا سعدیہ بانو ہے تو ان ناموں کو علیحدہ حروف میں لکھنے کی صورت یہ ہوگی م ح م د ط ا ر ق یا س ع د ی ہ ب ا ن و۔ اب منازل زہرہ کے حروف کو اپنے نام کے حروف میں امتزاج دیں اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ پہلے زہرہ کا حرف لیں پھر اپنے نام کا پہلے حرف لیں پھر زہرہ کا حرف لیں اور پھر اپنے نام کا حرف لیں اسی طرح اپنے نام کے حروف میں زہرہ کے حروف شامل کرتے چلے جائیں، مثلاً محمد طارق کے نام کے حروف میں زہرہ کے حروف کا امتزاج اس طرح ہوگا ب م د ح م م ذ ب ط د ا م ر ذ ق ب

تمام حروف کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں تو کل 1896 ہوں گے، ان اعداد کی ایک مثلث یعنی 9 خانوں کا نقش تیار کریں، نقش کی چال آتشی رکھیں اور امتزاج دیے ہوئے حروف کی سطر نقش کے چاروں طرف چار مرتبہ لکھ دیں، نقش کی پشت پر موکل کا نام لکھیں مندرجہ بالا مثال میں اعداد 1896 ہیں تو موکل وصفغائل ہوگا، یہ تمام کام پہلے سے تیار کر لیں اور قران کے وقت زہرہ کی ساعت میں کاغذ پر یا چاندی کی تختی پر لکھ لیں، اگر کاغذ پر لکھیں تو تعویز بنا کر انگوٹھی میں زرد عقیق کے نیچے رکھوائیں یا خواتین لاکٹ میں بند کر کے پہن سکتی ہیں، نقش لکھتے وقت خوشبو زہرہ کی لگائیں یعنی عطر حنا جسے عطر سہاگ بھی کہا جاتا ہے اور صندل کی اگربتی یا صندل کا برادہ جلائیں تاکہ کمرے میں خوشبو رہے، لباس سفید یا سبز پہنیں اور رجال الغیب کا خیال رکھیں کہ وہ سامنے نہ ہو، کام ختم کر کے کچھ مٹھائی پر فاتحہ دیں اور دعا کریں کہ اللہ آپ کے کام میں تاثیر پیدا کرے، چاندی کی لوح یا انگوٹھی، لاکٹ وغیرہ میں نقش پہننے کے بعد حسب توفیق صدقہ و خیرات کریں، یقین رکھیں کہ آئندہ سال جب دوبارہ زہرہ اور مریخ قران کریں گے تو اس وقت تک آپ درجہ محبوبیت پر فائز ہو چکے ہوں گے، لوگوں کی محبت اور توجہ بے پناہ ہو جائے گی، خیال رہے کہ اس طلسم خاص کو پہننے کے بعد جائز و ناجائز کا لحاظ رکھیں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے، یہ تنبیہ خواتین و حضرات دونوں کے لئے

ہے۔ بے شک ایک بہت سادہ اور سیدھا طریقہ کار ہے، صرف نقش بھرنے کا طریقہ کار اکثر لوگوں کو الجھن میں ڈال سکتا ہے لہٰذا اس کی آتشی چال یہاں دی جارہی ہے۔ نقش کے خانوں میں ہم نے جان بوجھ کر انگریزی ہندسے لکھے ہیں کیونکہ آج کل اردو کے ہندسے لوگ بھولتے جارہے ہیں اور ہمارے نزدیک جو لوگ انگریزی ہندسے استعمال کرتے ہیں وہ بھی غلط نہیں کرتے، نقش کو بھرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ کل اعداد میں سے 12 عدد کم کرکے باقی کو 3 پر تقسیم کریں جو حاصل قسمت آئے اسے پہلے خانے میں رکھ کر چال کے مطابق ایک عدد کا اضافہ کرکے نقش بھر لیں، مثلاً اوپر کی مثال میں 1896 میں سے 12 عدد کم کریں تو 1884 بچیں گے اور 3 پر تقسیم کیا جائے تو حاصل تقسیم 628 ہوگا اور باقی کچھ نہیں بچے گا 628 کو نقش کے خانہ اول میں رکھیں پھر خانہ دوم میں 629 اور سوم میں 630 اور اسی طرح بالترتیب خانے بھرتے چلے جائیں نقش مکمل ہوجائے گا، نقش کے تین خانوں کی میزان 1896 آئے گی اس کا مطلب ہے نقش درست بھرا گیا ہے۔ 3 پر تقسیم کرنے سے اگر ایک بچے تو ساتویں خانے میں ایک عدد کا مزید اضافہ کریں اور اگر 2 بچیں تو چوتھے خانے میں 1 عدد کا مزید اضافہ کریں۔

8	1	6
3	5	7
4	9	2

واضح رہے کہ یہ وقت جذب وکشش کی تاثیر کا حامل ہے، اگر آپ کوئی وظیفہ یا عمل بھی اس دوران میں محبت کے لئے کریں گے تو اس کا اثر یقیناً ظاہر ہوگا، حد یہ کہ اگر پہلے سے جاری محبت یا ازدواجی زندگی میں مضبوطی اور شدت مطلوب ہے تو اس وقت سے اس طرح بھی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے کہ آپ ایسے کام کریں جو باہمی محبت میں اضافے کا سبب ہوسکتے ہیں، مثلاً اپنے محبوب، شوہر یا بیوی کے لئے اس کی کوئی پسندیدہ چیز خرید کر بطور تحفہ اسے پیش کریں، زہرہ سے متعلق خوشبویات، پھول، لباس، میوزک البم، زیورات وغیرہ تحفے کے طور پر پیش کئے جاسکتے ہے، رابطہ وملاقات اور دلچسپ گفتگو سے اس کے دل میں گھر کرنے کی کوشش کی جاسکتی ہے، قصہ مختصر یہ کہ ایسے جذب وکشش کے اوقات کو اپنی ذہانت سے کام لے کر مفید بنایا جاسکتا ہے۔

نقش حفاظت

تحریر
سید عبدالخالق عباس
(کراچی)

السلام وعلیکم! بانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کو اللہ پاک محمد وال محمد کے صدقے سے دن بہ دن ترقی دے صحت کلی دے اور آپ کے ادارے کو ترقی دے (آمین) محترم دوستوں سب سے پہلے تو میں چاہوں گا کہ آپ سب وطن عزیز میں امن اور خوشحالی کیلئے دعا کریں خاص طور سے کراچی' کوئٹہ میں خراب حالات کی بہتری کیلئے ہر نماز کے بعد دعا کریں۔ تحفہ روحانیات پڑھنے والوں کی خدمت میں نقش حفاظت جان و مال امان پیش کررہا ہوں آج کل تخریب کاری وخودکش حملوں سے بچاؤ اور آسمان آفات وزلزلے سے تحفظ وحفاظت کیلئے بہت اہم ہے۔ جمعہ کے دن طلوع آفتاب باوضو ہو کر صدقہ دے کر نقش تیار کریں ہرن کی جھلی پر یا کاغذ پر عطر گلاف کعبہ سے معطر کریں نقش کو اور سیدھے بازو پر باندھے اور ایک نقش کو چوکھٹ پر لگائیں ان شاءاللہ امان میں رہے گا جس کے پاس یہ نقش معظم ہوگا۔



۸	۱۱	۸۳۰۷۵	۱
۸۳۰۷۴	۲	۷	۱۲
۳	۸۳۰۷۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۳۰۷۶

ہر قسم کی نحوست کوکب، سحر، جادوٹونہ، بندش ہر قسم کی بیماریوں سے نجات کیلئے اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے دشمن پر غلبہ، امتحان میں کامیابی، بے اولادی، نامردی سے نجات کیلئے کاروبار میں ترقی شادی کی بندش، ہر بندہ عزت کرے حاکم وافسر عزت کرے بیوی تابعدار ہوجائے۔ نقش کے مزید معجزات حاصل کرنے کیلئے اس کو درست ساعت میں تحریر کیا جائے یعنی شمس مشتری تسدیس وتثلیث یا شمس زحل سعد نظرات میں کندہ کریں۔

فالله خير حافظا و هوارحم الرحمين

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

آج کل تقریباً ہر جدیدہ اور کتاب میں اس موقع پر کچھ نہ کچھ مضمون لکھا نظر آتا ہے مگر اس اعتراف کے ساتھ خیال پیش کر کے عوام کو اس اہم موضوع سے بدظن کر رہے ہیں حالانکہ عملیات کا یہ شعبہ نہایت اہم اور نازک ہے آج میں جس عمل کو بیان کر رہا ہوں اس کی تصدیق قدیم اساتذہ کرام نے اپنے متعدد بار تجربات کے بعد کی تھی عملیات کے حصول میں جس قدر جان سوزی اور محنت کی اس کو دیکھ کر جی چاہتا تھا کہ اپنے علم کو سینے میں دفن کئے رکھوں مگر میں نے جس استاد سے تعلیم حاصل کی ہے اسی کی ترتیب کا خاصہ ہے کہ علم عام اور آسان کر کے خلق خدا میں تقسیم کرو یہ عمل یوم پنج شنبہ یعنی جمعرات سے متعلق ہے پنج شنبہ کا ستارہ مشتری برج قوس اور حوت کا حال ہے یہ دونوں بروج دو جسدین ہیں معدنیات میں قلعی سے متعلق ہے بخور اس کا عود اور کافور ہے اس کے مؤکل کا نام شمہورش ہے یہ جنوں کا قاضی ہے۔ چنانچہ اس کو قاضی الجن بھی کہا جاتا ہے۔

عمل حاضرات :۔ تعداد عمل 4044 بار روزانہ

عمل کی تفصیل: پاکیزہ علیحدہ کمرہ جو آبادی سے باہر ہو لباس سفید جانماز سفید سفید ہو قبلہ رُخ دوزانو بیٹھیں رجال الغیب پشت پر ہوں عمل جمعرات کے دن سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ تک پڑھیں۔ پہلے دن اس طرح شروع کریں پھر روزانہ ساعت مشتری میں یہ عمل پڑھتے رہیں مدت عمل چالیس روز ہے آخری یوم مؤکل حاضر ہوگا۔ معاہدہ سوچ سمجھ کر کریں دوبارہ حاضری کا طریقہ اور کوئی نشانی تسخیر کی لیں بعد میں اس کو رخصت کر دیں جب بھی آپ کو ضرورت ہو عزیمت تین بار بخور جلا کر پڑھیں تنہائی میں پڑھیں مؤکل حکم کی تعمیل کرے گا۔

پرہیز: ہر قسم کا گوشت مچھلی انڈہ پیاز لہسن مولی پان سگریٹ اور فعل حیوانی سے پرہیز کریں سادہ خوراک استعمال کریں کسی نیک مرد یا عورت سے خوراک تیار کرایا کریں یا خود تیار کریں۔

عزیمت عمل : اقسمت علیکم یا شمہورش قاضی الجن یا للوزائیل وبحرمت یا ظہیر احضرو احضروالعجل الساعۃ الوحا۔

عمل حصار کر کے کریں سامان حصار کے اندر رکھیں اگر بتی جلا کر رکھیں تعداد عمل چار ہزار جوالیس (4044) بار ہے۔

عمل ہمزاد

یہ عمل ہمزاد تابع کرنے کا ہے اس عمل کے لئے وقت کی کوئی پابندی نہیں جب دل چاہے شروع کریں لیکن عمل کا آغاز قمر در عقرب میں نہ کریں عمل پڑھنے کا جو کمرہ مقرر کریں وہاں عمل پڑھنے کیلئے دوران عمل کوئی دوسرا شخص نہ ہو ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی بتی بنائے اور چراغ روشن کر کے اپنی پشت رکھیں اور اپنے سایہ کی گردن پے نظر جمائیں رکھیں۔

پرہیز: چھوٹا بڑا گوشت دودھ لسی مکھن گھی دہی پیاز لہسن مچھلی کا گوشت اور جماع وغیرہ سے پرہیز ہے۔

ترکیب عمل : احرام باندھ کر عمل کریں حصار کریں اس حصار میں ایک خالی بوتل اپنا منہ شمال کی طرف رکھیں دل مضبوط رکھیں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی شرائط سوچ کر کریں دوران عمل ڈر اور خوف معلوم ہوگا حصار سے باہر نہ نکلیں جب تک تعداد پوری نہ کر لیں عمل میں تیسرے دن ہمزاد حاضر ہوگا اگر اتفاق سے حاضر نہ ہو تو چھ رات کریں نو دن میعاد ہے اس عرصہ میں ہمزاد حاضر ہوگا سرسوں کا چراغ اونچا نیچا اپنی مرضی سے رکھ سکتے ہیں۔ جب ہمزاد حاضر ہو تو کہیں اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا جب بوتل میں گھس جائے تو تیزی سے بوتل کا کاک اوپر لگا دیں اس سے کہیں عہد کرو میں جب بلاؤں تم فوراً آؤ گے۔ اور اپنے بلانے کی ترکیب بتا دو بوتل کا منہ کھول دو وہ چلا جائے گا جب بلانا مقصود ہو اس عمل کو پڑھو جو ہمزاد نے بتایا ہے وہ فوراً حاضر ہوگا۔

عمل کی عزیمت : یا اللہُ یالطیفُ یا حیُ یا قیوم عزیمت علیکم یا محشر الجن والانس والارواح بحق سلیمانُ بن داؤدؑ اُحضرو اُحضرو اُحضرو یا قوم ہمزاد حاضر شو۔ بحق یا ناصرُ یا نصیرُ یا ارحم الرحمین اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر

مقبول عام کتب خانہ، اردو بازار اٹک 0321-5715076 ادارہ روحانیات

عمل کی تعداد: روزانہ اس عمل کو تین ہزار آٹھ سو بیس بار پڑھنا ہے عمل میں یقین کامیابی کے لئے اجازت پہلی شرط ہے اس لئے عمل کرنے سے پہلے کسی بزرگ سے اجازت لینا ضروری ہے۔

تسخیر ذاتی

اس عمل میں پرہیز کی ضرورت نہیں جو مرضی چاہے کھاؤ پیو، دن کو تصور ہمزاد رکھو صدقہ خیرات لازمی کرو اس عمل کو کرنے سے پہلے تین کلو بڑا گوشت ویران جگہ تھوڑا تھوڑا درختوں کو جڑ میں ڈال آئیں رات کو علیحدہ کمرہ نماز عشاء کے بعد شمال کی طرف منہ کر کے مصلے پر بیٹھ کر اپنا حصار کریں اپنی پشت مٹی کا چراغ موٹی روٹی کی بتی بنا کر اور تیل سرسوں کا ڈال کر اپنے سایہ کے مطابق چراغ رکھیں سایہ آپ کے سامنے ہو اور گردن والی جگہ اپنا تصور کر کے دھیان کریں اور اپنے نام کے عدد اپنی والدہ کے نام کے عدد کے مطابق ورد کریں مثال کے طور پر آپ کا نام ظفر ہے تو عدد 1180 ہوئے اور والدہ کا نام فاطمہ ہے تو عدد 134 ہوئے دونوں کو جمع کیا 1314=1180+134 ہوئے تو اپنے نام کو ایک ہزار تین سو چودہ بار یا ظفر پڑھنا ہے یعنی آپ کے اپنے کے آگے یا کا اضافہ کر کے یہی وظیفہ پڑھنا ہے جب یہ تعداد پوری کر لیں تو آدھا گھنٹہ وہیں بیٹھ کر ہمزاد کا تصور آنکھیں بند کر کے کریں میرے سامنے ہاتھ باندھے کھڑا ہے اور جلد میرے سے بات کرنے کا ارادہ رکھتا ہے کامیابی کی دلیل آپ کو رات میں خواب میں ملے گی جتنا تصور آپ کا مضبوط ہوگا اتنا ہی جلد اس عمل میں کامیابی ہوگی۔

عمل کی کامیابی کیلئے کسی بزرگ سے اجازت ضروری ہے اس سے آپ بلیات سے بھی محفوظ رہیں گے کیونکہ یہ چیزیں عمل چھڑانے کیلئے نقصان بھی کر سکتی ہیں۔

آیت الکرسی کا عمل

طریقہ عمل: نوچندی جمعرات کو علیحدہ جگہ نماز عشاء کے بعد جسم پر کپڑوں پر خوشبو لگائیں اور علیحدہ جگہ جائے نماز ڈال کر آیت الکرسی کا ورد 101 بار پڑھیں بعد میں گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں کامیابی کی دعا کریں یہ طریقہ 41 تک یعنی ایک چلہ پڑھتے رہیں روزانہ آدھا پاؤ گوشت ویران جگہ ڈالتے ہیں ایک چلہ کے بعد اس کالم پاک کے عامل ہو جائیں گے پھر روزانہ عشاء کے بعد باوضو سات بار ورد کیا کریں جب بھی حاضری کا عمل کرنا ہو یا تسخیر ہمزاد کا عمل کرنا ہو اس کلام کو سات بار پڑھ کر اپنے جسم پر دم کریں اور سات بار پڑھ کر لوہے پر دم کر کے اپنا حصار کر لیں۔

رُخ انور ﷺ

تحریر:۔ کامران گلش (لاہور)

اس کالم کو کو پڑھنے سے پہلے درومزمل کا ورد 5 بار پڑھیں آپکی خدمت میں تحفہ روحانیات کی معرفت عاشقان رسول ﷺ کیلئے تحریر کر رہا ہوں۔

حضرت جابر بن سمرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کو سرخ رنگ کے لباس میں چاندنی رات میں دیکھا میں کبھی چاند کو دیکھتا تو کبھی آپ کے چہرہ انور پر نظر ڈالتا، بالآخر اس فیصلہ پر پہنچا کہ نبی کریم ﷺ چاند سے کئی زیادہ حسین ہیں۔

دارمی ص ۳۰ ج ۱، مستدرک حاکم ص ۱۸۶ ج ۴

حضرت کعب بن مالکؓ کا بیان ہے کہ جب میری توبہ جنگ تبوک میں پیچھے رہ جانے کی وجہ سے قبول ہوئی تو میں نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور سلام عرض کیا میں نے دیکھا کہ آپ کا رُخ انور ایسے دمک اُٹھا جیسا کہ چاند کا ایک ٹکڑا ہو۔ صحیح البخاری ص ۵۶۵ جلد ۲

حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی آنکھیں سرگیں تھیں تم دیکھتے تو کہتے کہ آپ ﷺ نے سرمہ لگایا ہوا ہو۔ حالانکہ سرمہ نہ لگا ہوتا۔ مسند امام احمد ص ۱۹۷ جلد ۵

حضرت ام معبدؓ رسول اللہ ﷺ کا حلیہ مبارک بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کی آنکھیں سیاہ اور کشادہ تھیں۔ مستدرک حاکم ص ۱۰ جلد ۳

حضرت علیؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بھنویں اور پلکیں لمبی لمبی تھیں۔ (مسند امام احمد ص ۳۲۸ ج ۲)

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب ہنستے دندان مبارک سے روشنی سی نمودار ہوتی ایسا لگتا دیواریں جگمگا اٹھیں گی۔

دلائل النبوۃ ص ۲۱۵ ج ۱

حضرت ہند بن ابی ہالہؓ کا بیان کہ رسول اللہ ﷺ کی ناک مبارک بلندی مائل سامنے سے قدرے جھکی ہوئی تھی اس پر نورانی چمک جس کی وجہ سے سرسری نظر میں بڑی اونچی معلوم ہوتی۔ شمائل ترمذی مترجم ص ۶۰

حضرت ابو ہریرہؓ سے کسی شخص نے رسول اللہ ﷺ کے حلیہ کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ بے حد روشن جبین تھے۔ جب رات کی تاریکی یا پو پھٹنے کے وقت آتے یا لوگوں کے مجمع میں رونما ہوتے تو سیاہ بالوں کے درمیان بالخصوص آپ ﷺ کی تابناک اور کشادہ پیشانی روشن چراغ کی طرح جگمگا اُٹھتی تھیں۔ دلائل النبوۃ ص ۳۱۷ ج ۱

وظائف حل المشکلات

تحریر:۔ عامل عزیز الرحمٰن سروری قادری (حیدرآباد)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! اللہ پاک تمام قارئین کرام ہوا پنی حفظ وامان میں رکھے اس مرتبہ قارئین کرام کیلئے وظائف حل المشکلات کے عنوان سے حاضر خدمت ہوں تا کہ قارئین کرام اور عوام الناس میری اس مضمون سے استفادہ کریں اور میری تندرستی وخوشحالی امن سلامتی اور روحانی ترقی کے لئے دعا کریں۔

قارئین کرام! اس ظالم بھرے اور پُر آشوب دور میں انسان طرح طرح کے مصائب اور پریشانیوں میں مبتلا ہے کسی کو جنات وجادوٹونے سے متاثر کیا ہوا ہے تو کسی کو ذہنی دباؤ، نفسیاتی امراض وہم وسوسہ، بیروزگاری، مفلسی، تنگدستی وبے برکتی نے گھر میں ڈیرہ ڈال رکھا ہے تو کوئی تمام اھل وعیال کے ساتھ مختلف قسم کی بیماری ومشکلات میں گرفتار رہتا ہے۔ آئے روز انسان اسی لئے مسئلے کو لے کر عاملین حکماء، ڈاکٹر وحکیموں کے پہ در پے چکر کاٹتا رہتا ہے۔ میرا ذاتی تجربہ رہا کہ اس قدر حالات وواقعات کا ستایا ہوا آدمی غریب کسان مزدور بے سہارا محتاج جس کے پاس اگر صبح کو کچھ کھانے پینے کے لئے موجود ہے تو شام کو نہیں، اخراجات حد سے زیادہ اور آمدن ناقابل اعتبار ہو تو اس طرح کا انسان نہ شادی کا رہتا ہے اور نہ غمی کا۔ اللہ پاک تمام انسانوں کو اپنے حبیب کے صدقے تمام پریشانیوں اور مصائب سے حفظ و امان میں رکھے۔ قارئین کرام وظائف حل المشکلات کی برکت ست جادو جنات، بھوت، چڑیل سے نجات، شیاطین ارواح بد، نفسیاتی بیماری پریشانی وہم وسوسہ، مفلسی تنگدستی کو حل المشکلات تمام مصائب کو حل کرنے کے لئے بے حد مؤثر عمل ہے اس عمل کی برکت سے یقین طور پر فائدہ ہوتا ہے کہ ستارہ کی بندش نحوست وقتی ہو یا پیدائشی رفع دفع ہو جاتی ہے ناجائز دولت وآفت سے نجات ملتی ہے درج بالا مشکلات وتکالیف عامل سے دور بھاگ جاتی ہیں۔ خوش قسمتی شرف عروج رزق ودولت، اسباب غیبی، کامیابی نصیب ہوتا ہے پریشانی ومایوسی خوشیوں میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ خصوصی طور پر آقائے نامدار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شفقت ورضا حاصل ہو جاتی ہے۔

ترکیب عمل : کسی بھی ماہ کی نوچندی جمعرات کو ماسوائے ماہ محرم و صفر اور قمر در عقرب کسی عامل کامل سے اجازت طلب کر کے اس عمل کو کر سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ میں نے بھی یہ عمل ایک مرتبہ کیا تھا۔ پر طالب علمی کے دور میں دوسال روحانی ریاضیت کر لینے کے بعد استاد حضور سے مجھے اس عمل کی اجازت عنایت کی تھی۔ تقریباً صبح گیارہ بجے سے لیکر دوپہر ساڑھے بارہ تک زوال کا وقت ہوتا ہے۔ نوچندی جمعرات کو دن گیارہ سے دوپہر ساڑھے بارہ کے درمیان عروج زوال میں آول وآخر درود پاک کے ساتھ آیت مبارکہ

لا اله الا الله الملك الحق المبين يا لطيف يا ارحم الراحمين

کا ورد 313 مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پابندی سے کریں میری تمام عاملین اور طالب علم روحانیات سے گزارش ہے کہ آپ بھی اس عمل کو اپنی زندگی میں ایک مرتبہ ضرور کریں انشاء اللہ العزیز روحانی رحمت وبرکت سے جھولی بھر جائے گی۔

اللہ تمام قارئین کرام کو عمل کرنے کی توفیق اور برکت عطا فرمائے اس عمل میں اگر کوئی بات قارئین کو سمجھ میں نہ آئے تو براہ راست مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ میں واضح طور پر راہنمائی کروں گا۔

آخر میں ہر دل عزیز ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب اور محترم سید شعیب الرحمٰن شاہ سروردی قادری صاحب کیلئے خصوصی دعا کریں اور مجھ گناہگار کو خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

لوح تسخیر موکلات و جنات

اس لوح مبارک کی برکت سے چند ہی دنوں کے مختصر وظیفے سے متوکلات و جنات کی تسخیر ہوتی ہے اور عامل کی روحانی قوتوں میں بے انتہاء اضافہ ہوتا ہے اس لوح سے آپ ہر قسم کی حاضرات بھی کروا سکتے ہیں اس کے علاوہ یہ لوح تسخیر خلق کیلئے بے انتہا کار آمد ہے شائقین روحانیات کے لئے انمول تحفہ ہے۔

ھدیہ لوح 4200 روپے

اسم اعظم

تحریر
مصدق قریشی
(ایبٹ آباد)

شمع بینی، نقطہ بینی، ماہ بینی اور آئینہ بینی باقی اِس قسم کی تمام بینیاں یہ صرف اور صرف اس لئے ہیں کہ آدمی یکسوئی حاصل کر سکے۔ اگر آدمی کی توجہ ایک نقطہ پر سمٹ جائے وہ عجیب وغریب شئے بن جائے گا۔

پہلی دفعہ اس آئینہ بینی پر قلم اٹھا رہا ہوں اور یہ قارئین کرام کے لئے ایک نئی چیز ہوگی۔ بندہ خود بھی آئینہ بینی جناب علامہ شاد گیلانی اُستاد محترم کی زیر نگرانی کر چکا ہے مگر چند ناگزیر وجوہات کی بناء پر میری آئینہ بینی کی پریکٹس ختم ہوگئی۔ پھر آئینی بینی نہیں کی۔ جو میرے تجربات آئینہ بینی کی روشنی میں ہوئے تھے وہ بیان کر رہا ہوں۔ نیز آئینی بینی یکسوئی قوائی باطنی کے لئے بہترین ذریعہ ہے۔

آپ ایک آئینہ خرید لیں۔ مگر اتنا بڑا جس میں آپ کو اپنا چہرہ گردن تک آسانی سے نظر آسکے۔ آئینہ بہت بہترین اور صاف ہونا چاہئے۔ آئینہ ایسا نہ ہو جس میں آپ شکل دیکھیں تو چہرہ کارٹون نظر آئے۔ آپ نے روحیت سے کھیلنا ہے، اس کے لئے بہترین قسم کا آئینہ خریدیں۔ اور اس پر کالا کپڑا چڑھا کر صندوق یا کیسی محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ کسی بھی آدمی کو آئینہ میں صورت دیکھنے کی اجازت نہ دی جائے۔ ورنہ آپ کی آئینہ بینی میں فرق پڑ جائے گا یعنی کہ نقص آجائے گا۔ آپ فرصت کا وقت تلاش کریں۔ ایسا وقت ہو جس میں آپ کو کوئی بلائے نہ، نہ مخل ہو۔ اگر آپ آئینہ کی مشق کر رہے ہوں باہر کوئی دروازہ کھٹکھٹا رہا ہو تو اسی طرح آپ کی مشق کامیاب نہ ہوگی۔

اگر آپ نے دن کے وقت آئینہ بینی کرنی ہو تو کھڑکیاں دروازے، روشن دان سب بند ہوں، کمرہ میں صرف اتنی روشنی ہو کہ آپ کو اپنی شکل آئینہ میں نظر آتی ہو۔ اگر گھپ اندھیرا چھا جائے تو آپ زیرو کا بلب یا ایک موم بتی کی روشنی کافی ہوگی۔ مگر اس روشنی کا عکس آئینہ پر نہ پڑے۔ شور وغل، کھڑاک، گہما گہمی سے دُور رہ کر اس کی مشق کریں۔ آئینہ کو میز پر ایک فٹ کے فاصلے پر رکھ دو۔ کرسی پر آرام وسکون کے ساتھ آئینہ بینی شروع کرو۔ مگر یاد رکھیں کہ مشق سے پہلے ناک سے چار پانچ سانس اندر کھینچیں۔ پھر آہستہ آہستہ باہر نکال دیں۔ اور ذہن کو تمام خیالات سے خالی کر دیں۔ آپ یہ سمجھیں کہ کمرہ میں آپ اور صرف آئینہ موجود ہے۔

ون..... ٹو..... تھری..... آپ ٹکٹکی باندھ کر آئینہ کو دیکھنا شروع کر دیں۔ اپنی شکل پر آنکھیں گاڑھ دیں۔ یہ آپ کی اپنی صورت ہے۔ اِس سے ڈرنے کی ضرورت نہ ہے۔ آپ آنکھیں جھپکنے کی کوشش نہ کریں۔ ابتدا میں آنکھیں تھک جائیں گی۔ آنکھوں سے آنسو نکلیں گے اور جلن وغیرہ ہوگی۔ آپ صرف اور صرف مشق کرتے رہیں۔ ایک وقت پھر ایسا آئے گا۔ بغیر جلن، کھٹکن، پانی بہنے کے آپ کافی دیر تک آئینے کو گھور سکیں گے۔ جب آپ جلن، کھٹکن، پانی بہنے کی مشکل سے نکل جائیں گے تو آپ رُوحیت کی دنیا میں داخل ہونے کے لئے تیار ہو جائیں۔ بالکل اور مکمل طور پر تیار۔ اب منزل صرف دو قدم کے فاصلے پر ہے۔ آئینہ کی طرف گھوریں۔ لو آئینہ سفید ہو گیا۔ بالکل سفید۔ آپ کی شکل غائب ہوگئی۔ کہاں گئی آپ کی شکل؟ آپ کے شعور نے اِسے غائب کر دیا ہے۔ پھر سفید آئینہ یکدم سیاہ ہونا شروع ہوا۔ سیاہ مکمل طور پر سیاہ اِس وقت آپ استغراق میں ہیں، گہرے ڈوب چکے ہیں۔ مگر آپ کا لاشعور جاگ رہا ہے۔ آئینہ کی سیاہی گھٹ کر چھوٹی ہونی شروع ہوگی، گھٹ رہی ہے گھٹ رہی ہے گیند کے برابر۔ ناخن کے برابر۔ ایک نقطہ کے برابر۔ آپ روحیت کی دنیا میں آگے یکدم آگئے۔ نیند میں نہیں جاگتے جاگتے آگئے۔ یہ کیا ہے۔ عالم برزخ ہے۔ اس عالم سے کہیں کہ کسی مرحوم رشتہ دار کی روح آئینہ میں آجائے۔ اِدھر آپ نے خیال کیا۔ اُدھر روح آئینہ میں آگئی بالکل وہی۔ بالکل وہی۔ اِسے سوال کرو۔ جو چاہو پوچھو۔ جس بات کے سُننے کی اُمید نہ ہو اسے دریافت کر لو۔ اپنے کانوں سے سُنو۔ پوچھو کہ فلاں گمشدہ کہاں ہے۔ روح نے گمشدہ کا پتہ بتا دیا۔ شہر دکھایا، محلّہ دکھایا۔ گلی دکھائی۔ مکان دکھایا۔ تسلی سے دیکھ لو۔ ایک منٹ کی بات ہے ممکن ہے کہ کوئی کھڑاک ہو جائے آپ واپس اپنی کرسی پر آجائیں۔

احتیاط۔ ابتدائے مشق میں رُوح سے چھوٹے چھوٹے سوال کریں۔ ان کے تسلی بخش جواب ملنے پر آگے بڑھیں۔

کل کیا ہوگا؟ ہفتہ کے بعد کیا ہونے والا ہے؟ فلاں کام کا انجام کیا ہوگا؟ مگر پوچھو تو کام کی بات پوچھو؟ کچھ اپنا بھلا، کچھ دوسروں کا بھلا..... کوئی بات سمجھ نہ آئے تو پوچھ سکتے ہیں۔

زائچہ بنانا سیکھیں

تحریر و تحقیق :۔ایس اے شہزاد (پشاور)

زائچہ کا یہ طریقہ حکیم فیثا غورث کی زندگی کا نچوڑ ہے۔جس شخص کی زندگی حالات آپ جاننا چاہتے ہیں سب سے پہلے اس کا نام معلوم کریں۔اس کے ہر حرف ترتیب ابجد قمری کے اعداد سے ضرب دیں اور الگ الگ لکھے جائیں جب تمام حروف کا حاصل ضرب معلوم ہو جائے تو اس سب کو آپس میں جمع کریں چونکہ حاصل جمع مرکب عدد ہوگا اس کو مفرد بنائیں جو بھی عدد اس طرح حاصل ہوا سے نقشہ ذیل کو دیکھو وہ اس شخص عمر بھر کی حالات عکاسی کرے گا۔اپنی بات سمجھانے کے لئے ایک مثال کو حل کر کے پیش کرتا ہوں جسے میں علی اکبر کے حالات زندگی سے آگاہی حاصل کرنا چاہتا ہوں ع،ل،ی،ا،ک،ب،ر یہ کل سات حروف ہیں۔"ع" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 70 لہٰذا 70 کو 7 سے ضرب دی تو 490

"ل" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 30 لئے 30 کو 6 سے ضرب دی تو 180

"ی" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 10 اسلئے 10 کو 5 سے ضرب دی تو 50

"الف" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 1 اسلئے 1 کو 4 سے ضرب دی تو 4

"ک" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 20 اسلئے 20 کو 3 سے ضرب دی تو 60

"ب" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 2 اسلئے 2 کو 2 سے ضرب دی تو 4

"ر" کے ابجد قمری کی رو سے اعداد 200 اسلئے 200 کو 1 سے ضرب دی تو 200 اب ان ساتوں حروف کے ابجد جمع کیا

490+180+4+60+4+200+50=988

988 کا مفرد بنایا تو 25=8+8+9 , 25 عدد مرکب ہے اس کو مفرد بنایا 7=5+2 پس معلوم ہوا کہ علی اکبر کا عدد 7 ہے اور زائچہ احوال یوں ہوگا حامل صاحب علم، بلند اقبال، اور صاحب عزو وہ جاہ، مال دولت کی وجہ سے زندگی عیش و آرام سے گزرے گی ہمدردی، ایثار قربانی کے جذبے سے معمور ہوگا، اس وجہ سے وعام میں بہت عزت ہوگی، کبھی کبھی کسی خاص وجہ سے اپنے ذاتی مفاد کو داؤ میں لگا دیں یعنی خطرے میں ڈال دے گا۔

عدد 1: صاحب بہت ہی عقل مند ہوگا۔اقبال بلند ہوگا۔ارادے کا پکا ہو گا۔دولت عزت آرام ملے گا۔خیالات مذہب کی طرف ہونگے۔اس میں صبر و تحمل کا مادہ ہوگا اپنی زندگی دولت کے سہارے بسر کرے گا۔لیکن کبھی بھی خطرات بھی پیش آئیں گے۔اوائل عمر میں بیماری ہوگی۔

عدد 2: صاحب عدد کی زندگی مشکوک دیکھائی دے گی۔اگر زندہ رہے گا تو مفلوک حال ہوگا۔زندگی میں میں مشکلات دیکھے گا۔ہر وقت روحانی جسمانی تکلیف میں رہے گا۔اگر صاحب عدد کا بوقت ستارہ سعد حالت میں ہوگا تو اس حاصل کا عدد حکیم و اقبال ہوگا۔اور تکلیف میں ہوگا۔ہاں کچھ ضرور ہو جائے گی۔یہ ایسا عدد ہے ڈکٹیٹروں کا ہوگا۔

عدد 3: عدد 3 رکھنے والے صاحب علم میں حکمت کا ماہر ہوگا۔بہادر اور شریف ہوگا۔علم دوست ہونا اس کی صفت۔زندگی میں تنگ دستی پیش نہ آئے گی خوشی میں زندگی گزارے گا۔نہ خود ظلم کرے گا نہ ظالم کا ساتھ دے گا۔عدد 3 مبارک عدد ہے صاحب عدد کی وجہ سے دوسرے لوگ بھی فیض یاب ہوں گے۔

عدد 4: صاحب کم تعلیم حاصل کرے گا۔دھوکہ فریب اس کی زندگی رہے گا خوشی کے دن ابھی گزرے گے اپنے درج کامل اور قوت ارادی کے بدولت ہر میدان میں فتح حاصل کرے گا۔

عدد 5: اپنے اہلخانہ سے بہت قوی ہوگا۔جس شخص کا عدد 5 ہوگا وہ لال رنگ موسمی کا شوقین ہوگا، مذہب سے دور رہے گا۔پوری زندگی ناچ گانے میں گذارے گا خوش قسمت ہوگا دولت کی ریل پہل ہوگی لیکن اس کی زندگی اپنی گذرے دکھوں سے پُر ہوگی۔

عدد 6: سائل اپنی محنت سے ترقی کرے گا قوت ارادی اور ان تھک سے اپنا نام روشن کرے گا محنت ان کا پسندیدہ مشغلہ ہوگا اپنے ارادوں میں کامیاب ہوگا۔

عدد 7: اس عدد کا حامل صاحب علم بلند اقبال صحب جاہ و جلال ہوگا۔دولت کی وجہ سے زندگی خوشگوار گزرے ہمدردی ایثار قربانی کے جذبے سے معمور ہوگا عوام میں عزت ہوگی کبھی کبھی اپنے آپ کو خطرات میں ڈالے گا۔

شمع بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد 0300-7230290 — ادارہ روحانیات

عدد 8: اس عدد کا حامل شخص مستقل مزاج نہ ہوگا۔ زندگی اوسط درجے کی گذرے گی مال، پوزیشن کمزور ہوگی۔ زیادہ تر زندگی سفر میں گذرے گی امن پسند اور انصاف پسند ہوگا۔ مہمان نواز ہوگا۔ زندگی مصروف گزرے گی

عدد 9: صاحب عمل کم عقل ہونے کے ساتھ ساتھ بہادر ہوگا مضبوط جسم کا مالک ہوگا۔ مالی حالات کمزور ہوگی۔ پریشانیوں میں مبتلا ہوگا۔ زندگی میں آرام کم نصیب ہوگا۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ ذہنی توازن کھو بیٹھے گا۔

عمل ہمزاد

ہمزاد کو مسخر کرنے کیلئے یہ بات ضرور نوٹ کرلیں کوئی بھی نیک کام کریں یہ کہہ دیا کریں آؤ ہمزاد فلاں کام کریں مثلاً تلاوت کریں نماز پڑھنی ہے تو کہیں آؤ ہمزاد نماز پڑھیں اسی طرح جو کام بھی کریں ہمزاد کو شامل کریں اس سے ہمزاد کی تسخیر جلد ہو جاتی ہے۔ نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں۔ جلالی اور جمالی پرہیز کریں۔ ایک بڑا سے آئینہ لیں اسکو دیکھ کر عمل پڑھیں تین تین مرتبہ چاروں قُل اور گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر حصار کریں اور لو آخر گیارہ گیارہ مرتبہ اور عمل اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں دوران چلہ جو جو شاہدات ہوں ان کا ذکر کسی سے نہ کریں سوائے اپنے مرشد سے۔ عمل کے لئے علیحدہ کمرے کا انتخاب کریں عشاء کی نماز کے بعد شروع کریں۔ 41 یوم کا عمل ہے آخر یوم میں ہمزاد حاضر ہوگا۔ سوچ سمجھ کر قول و اقرار کریں عمل درج ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا لطیف یا مؤخر یامسخرای میرے ہمزاد (اپنا نام لیں) حاضر شو حاضر شو حاضر شو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے اس عمل کی اجازت لازمی لیں۔

اسم اعظم مع لکی نگینہ

اگر کوئی بھی شخص اپنے اسم کا درست ورد کرلے تو ایسا شخص بادشاہوں والی زندگی گزارتا ہے اور اگر کسی شخص کو اس کے نام کا اسم اعظم اس کے لکی نگینے پر لکھا ہوا مل جائے تو ایسا شخص بادشاہوں سے بھی عالیشان زندگی گزارتا ہے۔

ادارہ روحانیات کی جانب سے آپکے لکی نگینے پر آپکا اسم اعظم کندہ کرنے کا خاص انتظام کیا گیا ہے۔ جو کہ خاص ورد کے بعد خاص اوقات میں کندہ کئے جاتے ہیں۔ اپنا لکی نگینہ مع اسم اعظم منگوانے کے لئے 4200 روپے کا ہدیہ ادارہ کے نام جاری کریں۔

لوح مزمل خان

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوگی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔

حضرت بصری ؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہوا سے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔

اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ہدیہ / لوح 4200 روپے

لوح تحفظ معجزاتی

لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے جادو سحر، جنات، بلیات، تعویزات کے اثرات دوبارہ نہیں ہوتے اس لوح کی برکت سے دشمن منہ کی کھاتا ہے اگر کوئی دشمن آپ پر مسلسل جادوئی حملے کر رہا ہے اور ان حملوں کی وجہ سے آپ تباہ و برباد ہوتے جا رہے ہیں یا ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی ایسی کرامتی لوح ہے کہ اس کے پاس رکھنے سے دشمن کا کیا گیا وار ضائع ہو جاتا ہے یا وہ وار واپس دشمن کی طرف پلٹ جاتا ہے اور پھر دشمن اس عذاب میں خود مبتلا ہو جاتا ہے کہ جو عذاب، تباہ و بربادی وہ آپ پر مسلط کرنا چاہتا تھا۔

وہ مایوس افراد جو کہ عاملین کے پاس جا کر مایوس ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے بے شمار لوگ اب زندگی بھر جادو، تعویزات، جنات کے اثرات کے بغیر خوشحال زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس لوح کے پاس رکھنے کے بعد دوبارہ تاحیات جادو کے اثرات نہیں ہوتے۔

ہدیہ لوح 4200 روپے

اوسٹیو پروسس



ہڈیوں کی خستگی۔انحطاط.....اسباب،علامات اور احتیاطی تدابیر

تحریر:۔ حکیم سید مجاہد محمود برکاتی

کمر کا درد عام ہوتا جارہا۔ ہر گھر کا کم از کم ایک فرد تو اس کا شکار نظر آتا ہے۔ زیادہ تر خواتین اس مرض کا شکار ہوتی ہیں۔ اس کی وجہ جسمانی کمزوری، بار بار حمل ہونا، جھک کے بیٹھے رہنا، جھک کر جھاڑو صفائی کرنا، غلط انداز سے بھاری وزن اٹھانا وغیرہ ہے۔ اسی وجہ سے کمر درد خواتین میں زیادہ دیکھنے میں آتا ہے۔ مردوں میں اس کی شکایت زیادہ تر ادھیڑ عمر اور بڑھاپے میں ہوتی ہے۔ لیکن ہر عمر کی خواتین اس درد کا شکار ہوسکتی ہیں چاہے وہ جوان ہوں، ادھیڑ عمر ہوں یا بوڑھی۔

کمر کے درد کی مختلف وجوہات ہوسکتی ہیں

☆ جوڑوں کی تکلیف ہو تو مریض کو کمر درد کی شکایت بھی ہوتی ہے۔

☆ شدید قبض کی وجہ سے بھی کمر میں درد رہتا ہے۔

☆ حمل، رسولی اور خواتین کے خاص امراض میں بھی کمر درد ہوتا ہے۔

☆ وزن کی کمی، شکم میں درد، کیلشیم اور خون کی کمی اور بھوک نہ لگنے سے کمر درد ہوسکتا ہے۔

☆ گھٹنوں یا کمر کے سہارے کے بغیر بیٹھنا، آگے کو جھک کر بیٹھنا، اونچی ایڑی والے جوتوں کا استعمال، بھاری وزن اٹھانا خاص طور پر ایک ہاتھ سے وزن اٹھانا، غلط طریقے سے ورزش کرنا، ڈھیلی چارپائی یا خراب فوم کے گدوں پر سونے سے بھی کمر درد ہوتا ہے۔

کیا آپ پانچ مردوں میں سے ایک اور تین عورتوں میں سے ایک ہیں جو اپنی زندگی کے کسی بھی مرحلے میں اوسٹیو پروسس (ہڈیوں کی خستگی/انحطاط) کا شکار ہورہے ہیں؟ خیال رہے کہ کولہے یا کمر کے نچلے حصے یا پیروں میں درد کے ساتھ ہڈی ٹوٹنا اور ریڑھ کی ہڈی کا فریکچر اب عام ہوتا جارہا ہے۔ اوسٹیو (Osteo) کا مطلب ہڈیاں، پروسس (Porosis) کا مطلب کمزور یا خستہ ہوتا ہے۔ اوسٹیو پروسس کا مطلب ہڈیوں کا کمزور اور خستہ ہونا ہے۔

آسان الفاظ میں Osteo Porosis سے مراد ایسی بیماری ہے جو بڑھاپے میں اپنا اثر دکھاتی ہے اور اس کے نتیجے میں ہڈیاں خصوصاً ریڑھ کی ہڈی کمزور اور ناتواں ہوجاتی ہے۔ اسی کمزوری کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی اس قدر نازک اور کمزور ہوجاتی ہے کہ ذرا سا وزن ڈالنے سے چٹخ جاتی ہے اور فریکچر کا باعث بن جاتی ہے۔ Osteo Porosis اب ایک عالم گیر بیماری کی شکل اختیار کرتی جارہی ہے اور اس کے مریضوں کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے۔

ہڈیوں کی یہ بیماری عورتوں اور مردوں دونوں میں پائی جاتی ہے مگر خواتین میں یہ بیماری بہت عام ہے کیونکہ ایک تو ان کا جسمانی نظام کمزور ہوتا ہے اور دوسرا ان میں Pregnancy اور Breast Feeding کی وجہ سے ہڈیاں خصوصاً ریڑھ کی ہڈی کمزور ہونا شروع ہوجاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ معمولی سے ایکسیڈنٹ، ذرا سے گرنے یا پھسلنے کے بعد ان کی کمر یا کسی حصے میں فریکچر ہوجاتا ہے۔ اگر آپ خاتون ہیں اور آپ کی عمر 40 سال سے تجاوز کرگئی ہے تو آپ لازماً اس بیماری کا شکار ہوسکتی ہیں۔ لہٰذا اپنے معالج سے ضرور چیک اپ کروائیں۔

مردوں کے مقابلے میں خواتین ہڈیوں کی کمزوری کا زیادہ نشانہ بنتی ہیں اور ان میں یہ عمل سن یاس یعنی ماہواری کی آمد کا سلسلہ رُک جانے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ غالباً اس کی ایک بڑی وجہ اس عمر کے بعد ان میں زنانہ ہارمون (اسٹروجن) کی افزائش کا سلسلہ بند ہوجانا بھی ہے۔ خواتین پر تحقیق کے بعد اندازہ لگایا گیا ہے کہ جن میں ڈی گروپ جین موجود ہوتا ہے وہ خواتین سن یاس کے 18 سال بعد ریڑھ کی ہڈی کی کمزوری کا شکار ہوجاتی ہیں۔ خیال یہ ہے کہ خصوصیت شروع ہی سے جسم میں موجود ہوتی ہے۔ ایسے افراد کی ہڈیاں ابتدائی عمر سے ہی کمزور چلی آتی ہیں۔ چنانچہ اس کا کھوج ولادت کے ابتدائی دنوں میں ہی لگایا جاسکے گا۔ اس طرح ایسے بچوں کی ہڈیاں مضبوط رکھنے کے لئے غذائی اور دوائی تدابیر اختیار کرنا بھی ممکن ہوجائے گا۔

بات دراصل یہ ہے کہ ہڈیوں کی دبازت میں موروثی اثرات کا تناسب 75 فیصد ہوتا ہے، جب کہ ماحولی اثرات کا تناسب 25 فیصد ہوتا ہے۔ جن بچوں میں اس خامی کا کھوج لگ جائے گا اُن کی غذا میں کیلشیم کی زیادہ مقدار شامل کر کے انہیں بڑی عمر میں ہڈیوں کی بوسیدگی سے تحفوظ رکھنا ممکن ہو جائے گا۔ ان کے لئے یہ بھی ضروری ہوگا کہ وہ ورزش اور وزن برداری کے ذریعے اپنی ہڈیوں کو مضبوط بنائیں۔ ایسے افراد کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ تمباکو اور شراب نوشی سے بچیں، کیونکہ ان کی وجہ سے ہڈیاں تیزی سے

گھلتی ہیں۔ خواتین کے لئے یہ بھی ضروری ہوگا کہ وہ سن یاس کے بعد اسٹروجن اور حیاتین ڈی کی اضافی خوراکیں بھی استعمال کرتی رہیں۔

فریکچر کے نتیجے میں ہڈی کا ٹوٹ جانا نہایت تکلیف دہ اور ناقابل برداشت عمل ہوتا ہے۔ یعنی جو ہو رہا ہوتا ہے وہ آپ کی برداشت سے باہر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر خواتین کو یہ علم ہی نہیں ہو پاتا کہ انہیں ہڈیوں کی یہ بیماری لاحق ہے جب تک کہ ان کے ساتھ کوئی مسئلہ یا فریکچر نہ ہو، جیسے کہ اگر کوئی وزنی چیز اُٹھالی۔ الماری گھسیٹ دی، آلوؤں سے بھرا ہوا تھیلا اُٹھالیا یا زور زور سے کھانس لئے تو کمر دُہری ہوگئی۔ کمر سیدھی نہیں ہو رہی، اب مستقل درد کی شکایت رہنے لگی ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے۔ جیسے کمر کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔

یہ تمام علامتیں Osteo Porosis کی ہیں کہ ذرا سا بوجھ ڈالا اور کمزور ہڈی مزید چٹخ گئی۔ 40 سال سے زائد عمر کی خواتین کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ ہاتھ کانپنے لگے ہیں، قد چھوٹا دکھائی دیتا ہے، جسم پر جھریاں پڑنی شروع ہوگئی ہیں اور کپڑے ڈھیلے پڑنے لگ گئے ہیں۔ یہ سب اس وقت ہوتا ہے جب آپ کی ریڑھی کی ہڈی اور اس سے منسلک ہڈیاں کمزور پڑنے لگتی ہیں اور اس کے نتیجے میں روزمرہ کی حرکت اور کام کاج بھی اکثر فریکچر کا باعث بنتے ہیں اور یہ بڑا تکلیف دہ ہوتا ہے۔ یعنی اس بیماری کے باعث جو فریکچر ہوتا ہے وہ جلدی ٹھیک نہیں ہو پاتا اور اکثر مریض یا تو معذور ہو جاتے ہیں یا درد کی تاب نہ لاکر چل بستے ہیں۔

تشخیص

معالج مختلف طریقوں سے اوسٹیو پروسس کی ابتدائی مرحلے میں شناخت کر سکتے ہیں۔ ان ٹیسٹوں میں بون ڈینسٹی ناپی جاتی ہے، اس کی تشخیص کا بہترین طریقہ Bone denistometry کہلاتا ہے۔ اس کی مختلف تیکنیکس ہیں جن میں سے سے زیادہ مروج اور مقبول "dual energy X-ray absordtiometry" ہے۔ یہ ٹیسٹ آسان، مؤثر اور درست نتائج دیتا ہے۔ اس سے ریڑھ کی ہڈی، کولہے، کلائی کی بون ڈینسٹی ناپی جاسکتی ہے۔ جس سے معالج کو ان ہڈیوں میں ہونے والی تبدیلیوں کا پتا چل جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر ٹیسٹ بھی موجود ہیں جن میں الٹراساؤنڈ اور مقداری سی ٹی سکیننگ بھی شامل ہیں۔

کیلشیم اور بون پروٹین کی کمی کی وجہ سے ہڈیوں کی کمیت میں کمی کے باعث ہڈیوں کو کمزور کرنے والی بیماری اوسٹیو پروسس بڑی خاموشی سے پروان چڑھتی ہے۔ اگر یہ علم میں نہ آئے تو جسمانی ساخت میں تبدیلیاں ہو جاتی ہیں، خصوصاً وہ کُب جسے عموماً عمر رسیدگی کا کُب یا جھکاؤ کہا جاتا ہے۔ اوسٹیو پروسس کو خاموش بیماری اس لئے بھی کہا جاتا ہے کہ اس میں ہڈیوں کی فرسودگی کا عمل کسی تکلیف کے محسوس ہوئے بغیر بڑی سست روی سے ہوتا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ اوسٹیو پروسس ہونے کے بعد مریض درد یا تکلیف محسوس کرنے لگے۔

اوسٹیو پروسس کی اوّلین علامت یہ ہے کہ کمر میں بظاہر کسی سبب کے بغیر اچانک چبھتا ہوا درد ہوتا ہے۔ مگر بدقسمتی سے بہت سے کیسوں میں اس کی پہلی علامت ٹوٹی ہوئی ہڈی ہوتی ہے۔ اوسٹیو پروسس کی باضابطہ تشخیص عموماً تاخیر سے اور کسی فریکچر کے بعد ہوتی ہے، اس لئے اسے خاموش تباہ کرنے والا عارضہ بھی کہا جاتا ہے۔

عورتیں زیادہ متاثر ہوتی ہیں

ہر چند کہ اوسٹیو پروسس عورتوں اور مردوں دونوں کو یکساں طور پر متاثر کرتا ہے لیکن یہ عارضہ سن یاس کے بعد عورتوں میں عام ہے۔ عورتوں میں پایا جانے والا ہارمون اسٹروجن ہڈیوں کی دبازت محفوظ رکھنے کے لئے نہایت ضروری ہے۔ سن یاس کے بعد اس ہارمون کی ناکافی مقدار ہڈیوں کے گھلاؤ کی رفتار بڑھ دیتی ہے۔ سن یاس ے بعد کے برسوں میں ایک عورت اپنی ہڈیوں کے 30 فیصد اجزاء سے محروم ہوسکتی ہے۔

یہ ممکن ہے کہ ہڈیوں کے کمزور ہونے کا عمل برسوں ہوتا رہے اور متعلقہ فرد کو پتا ہی نہ چلے، جیسا کہ عموماً اوسٹیو پروسس کا علم فریکچر ہونے کے بعد ہی ہوتا ہے۔ عورتوں میں اوسٹیو پروسس کے باعث فریکچر مردوں کے مقابلے میں دوگنا ہوتا ہے۔ اگرچہ امراضِ قلب اور کینسر کو انتہائی ہلاکت خیز بیماری سمجھا جاتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ پچاس برس سے زیادہ عمر کی خواتین بریسٹ کینسر، اووری کینسر یا حملہ قلب کی بہ نسبت اوسٹیو پروسس کے باعث ہڈی ٹوٹنے کے امکانات زیادہ رکھتی ہیں۔

یوں تو اوسٹیو پروسس کے مختلف عوامل ہیں لیکن سن یاس کے بعد اوسٹیو پروسس زیادہ عام ہے۔ اس اعتبار سے 50 برس سے زائد عمر کی خواتین کو بون ڈینسٹی ٹیسٹ ضرور کرانا چاہئے۔ اگرچہ اوسٹیو پروسس کے باعث پورا ڈھانچہ متاثر ہوسکتا ہے لیکن اس میں ریڑھ کی ہڈی، پسلیاں اور کولہے زیادہ متاثر ہوتے ہیں، عموماً ان ہڈیوں پر بیشتر بوجھ اُدباؤ پڑتا ہے۔ لہٰذا ان کی ساخت خراب ہونے یا ان کے ٹوٹنے کے امکانات بھی زیادہ ہوتے ہیں۔

پیچیدگیاں

اوسٹیو پروسس کے باعث ہونے والے تمام اقسام کے فریکچرز میں کولہے کا فریکچر زیادہ تباہ کن ہے۔ ایسی صورت میں طویل علالت سہنی پڑتی ہے جو عموماً 12 سے 20 فیصد مریضوں کی موت کا براہ راست یا غیر راست سبب بنتی ہے۔

جو بچ گئے ہیں ان کی نصف تعداد کی مسلسل دیکھ بھال ضروری ہوتی ہے۔ تقریباً ایک تہائی عورتیں اور بیس فیصد مرد اپنی زندگی میں کولہے کے فریکچر کا شکار ہوتے ہیں، بعض صورتوں میں صرف ریڑھ کی ہڈی کے مہروں کے کمزور ہونے کے باعث ریڑھ کی ہڈی کا فریکچر ہو جاتا ہے جو سخت تکلیف کا باعث بنتا ہے اور جس سے نجات میں طویل مدت لگتی ہے۔ اس صورت میں ریڑھ کی ہڈی کے مہرے دبنا شروع ہو جاتے ہیں۔ کمپریشن فریکچر ہونے پر نہ صرف قد میں کئی انچ کمی ہو جاتی ہے بلکہ ساخت میں بھی نمایاں تبدیلی آ جاتی ہے۔

ہڈیوں کی مضبوطی کا انحصار ان میں موجود اجزاء اور ان کی مقدار پر ہوتا ہے۔ جزوی طور پر کیلشیم، فاسفورس اور دیگر معدنیات کی مقدار کم ہو جاتی ہے تو ہڈیوں کی مضبوطی بھی کم ہونے لگتی ہے اور وہ اپنی اندرونی گرفت کھونے لگتی ہیں۔

ان معدنیات اور غیر معدنی اجزاء (جو بنیادی طور پر پروٹین ہوتے ہیں) میں کمی کے باعث اوسٹیو پروسس کے مریض سامنے آتے ہیں۔ بالغ افراد میں خرابی کی ایک اور صورت (Osteo malacia) بھی پائی جاتی ہے جس میں ہڈیاں نرم ہونے لگتی ہیں۔ اوسٹیو پروسس اور اوسٹیو میلیسیا دونوں ایک دوسرے سے مختلف عارضے ہیں۔ اوسٹیو پروسس معدنی اور غیر معدنی اجزاء دونوں کی کمی کے باعث جنم لیتا ہے۔

ہڈی ایک ڈائنامک جاندار نشو ہے جو مستقل طور پر ٹوٹتی اور بنتی رہتی ہے۔ یہ عمل بالغ افراد میں بھی ہوتا ہے۔ عام بون میٹا بولزم (Meta bolism) متعدد غذاؤں اور ہارمونی عناصر کے باہمی تعامل پر مشتمل ہوتا ہے جس میں جگر اور گردے بھی اپنا کردار رکھتے ہیں۔

ہڈی کے صحت مند رہنے کے لئے دو درجن سے زائد اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے لیکن عمومی طور پر یہ باور کیا جاتا ہے کہ کیلشیم اور وٹامن ڈی سب سے اہم اجزاء ہیں، تاہم ہارمونز بھی اہم ہیں کہ ہڈیوں میں کیلشیم کی شمولیت ''اسٹروجن'' ہارمون پر منحصر ہوتی ہے۔

کیلشیم کی کمی اوسٹیو پروسس کا اہم سبب ہے۔ ہڈیوں کی کمیت میں بتدریج کمی کے باعث ہڈیوں کا ٹوٹنا، قد میں کمی اور کولہوں، پشت، پیروں اور ریڑھ کی ہڈی کا درج جنم لیتا ہے۔ کیلشیم کے جذب ہونے کے لئے اس کا آنتوں میں آیونائز ہونا ضروری ہے۔ سن یاس کے بعد 40 فیصد عورتیں معدے میں پائے جانے والے تیزاب کی کمی کا شکار ہو جاتی ہیں۔ کیلشیم کی سب سے مفید صورت کیلشیم کاربونیٹ ہے۔ جن مریضوں کے معدے میں مطلوبہ تیزاب کی مقدار کم ہو جاتی ہے انہیں کیلشیم کی حل پذیر اور آیونائز قسم درکار ہوتی ہے جیسے کیلشیم سٹریٹ، کیلشیم لیکٹیٹ یا کیلشیم گلوکونیٹ۔

ہم کیا کر سکتے ہیں

اس بیماری سے بچاؤ کے لئے ہم اپنی بیماری کی وجوہ تلاش کر کے ان پر قابو پا سکتے ہیں اور بیماری کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ ان میں سے کچھ عناصر موروثی ہوتے ہیں۔ یعنی وراثت میں ملتے ہیں، جبکہ کچھ ہمارے طرز زندگی کی بناء پر وجود میں آتے ہیں۔

اسی لئے اپنے طرز زندگی اور اپنے لائف سٹائل میں تبدیلیاں لا کر ہم ان بیماریوں کو کم کر سکتے ہیں، اپنی ہڈیوں کو کمزور ہونے سے بچا سکتے ہیں اور ایک صحت مند اور خطرے سے محفوظ زندگی گزار سکتے ہیں۔

ایسے عناصر جو ہمارے ساختہ اور خود پیدا کردہ ہوں ان سے بچاؤ ضروری ہے۔ اس کے علاوہ آپ ساتھ ساتھ مناسب اور متوازن غذا کا استعمال کریں جس میں بھرپور مقدار میں شامل ہو جیسے انڈا، دودھ، مچھلی وغیرہ۔ متوازن غذا کے ساتھ ورزش بھی لازمی ہے تاکہ آپ چاق و چوبند رہیں اور ہڈیاں مضبوط و توانا رہیں۔ ایسی خواتین جو اپنا زیادہ تر وقت گھر پر گزارتی ہیں اور سورج کی روشنی کی اتنی مقدار بھی حاصل نہیں کر پاتیں جتنی ایک انسانی جسم کو ضرورت ہوتی ہے تو اُن میں اس بیماری کا خدشہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ایسی خواتین مناسب مقدار میں سورج کی روشنی سے استفادہ کریں۔ اپنے معالج سے رجوع کریں جو آپ کو بتائیں گے کہ آپ کے جسم میں کیلشیم کی کتنی مقدار ہے، اور اگر کم ہے تو اس کو بڑھانے کے لئے کیا کرنا ہوگا۔ اس کے لئے وہ آپ کو کچھ دوائیں دیں گے تاکہ کیلشیم کی کمی نہ ہو اور اوسٹیو پروسس سے بچا جا سکے، یہ دوائیں آپ کے لئے اس صورت میں فائدے مند ہیں کہ آپ کی ہڈیاں بڑھتی عمر کے باوجود مضبوط رہیں گی اور فریکچر کا خطرہ کم سے کم ہوگا۔

ایک ہی پوزیشن میں گھنٹوں بیٹھنے سے بچیں۔ کمر کے پیچھے کوئی سہارا استعمال کریں۔ دیوار یا تکیہ کا سہارا لیں۔ سیدھی پشت والی کرسیوں کے بجائے خم دار پشت والی کرسیاں استعمال کریں۔ براہ راست جھک کر زمین سے کوئی چیز نہ اٹھائیں۔ پہلے بیٹھیں، پھر اٹھائیں۔ اکیلے بھاری وزن نہ اٹھائیں۔ جس ورزش سے کمر میں درد ہو سکتا ہو وہ نہ کریں۔ فرش پر سوئیں، یا بستر پر تختہ رکھ کر سوئیں۔ جو خواتین ڈائٹنگ کرتی ہیں وہ کیلشیم استعمال کریں۔ ایک گلاس دودھ روزانہ کافی ہے۔ اوسٹیو پروسس کا سبب بننے والے مختلف غذائی عوامل ہیں۔ مثلاً غذاؤں میں کیلشیم کی کمی، فاسفورس کی زیادتی، زیادہ مقدار میں پروٹین اور نمک وغیرہ۔ سبزیوں پر مشتمل غذا کھانے والے اوسٹیو پروسس کا کم خطرہ رکھتے ہیں، جبکہ زیادہ پروٹین اور فاسفورس پر مشتمل غذائیں پیشاب کے ذریعے کیلشیم کے اخراج میں اضافے کا سبب سمجھی جاتی ہیں۔ صاف کی ہوئی شکر بھی جسم میں کیلشیم کی کمی کرتی

ہے۔اوسٹیو پروس کے علاج میں مطلوبہ ہدف ہڈیوں کی خرابی روک کر ان کی دبازت اور مضبوطی میں اضافہ کر کے ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ کو روکنا ہے۔اوسٹیو پروسس سے بچاؤ اس کے علاج سے کہیں زیادہ آسان ہے۔کیلشیم کی مناسب مقدار ہر فرد کے لئے ضروری ہے خواہ وہ اوسٹیو پروسس میں مبتلا ہو یا نہ ہو۔

یہ بات بھی سامنے رہے کہ جوں جوں عمر بڑھتی ہے جسم میں کیلشیم جذب کرنے کی صلاحیت کم ہونے لگتی ہے۔سن یاس کے بعد عورتوں اور 65 برس سے زائد عمر کے مردوں کے لئے روزانہ 100 گرامز کیلشیم ضروری ہے۔ آٹھ اونس دودھ یا دہی میں 300 ملی گرام کیلشیم ہوتا ہے۔

دودھ، کم چکنائی والا دہی، اور دیگر سبزیاں، سارڈین اور سالومن مچھلی، گری والے میوہ جات سے کیلشیم کی وافر مقدار ملتی ہے۔ یہ صورت ممکن نہ ہو تو معالج کی تجویز پر اضافی کیلشیم (بہتر ہے وٹامن ڈی کے ساتھ) لیا جائے۔

ہڈی ایک جاندار شے ہے جس کی صحت اور مضبوطی کے لئے ورزش ضروری ہے۔ اگر آپ ورزش نہیں کرتے تو ہڈیوں کی مضبوطی سے محروم ہو سکتے ہیں۔جسمانی نقل و حرکت سے محروم (مثلاً بستر پر پڑے ہوئے مریض) حیران کن طور پر ہڈیوں کی معدنیات سے محروم ہو جاتے ہیں۔ایک اندازے کے مطابق مہینہ بھر بستر پر رہنے والے فراد چار فیصد معدنی اجزاء سے محروم ہو جاتے ہیں۔

باقاعدہ طور پر وزن اٹھانے والی ورزش نہ صرف ہڈیوں کو مضبوط بناتی ہے بلکہ انہیں کوئی نقصان ہونے سے بھی بچاتی ہے۔ ورزش جس عمر میں بھی کی جائے ہڈیوں کے لئے فائدہ مند ہے، لیکن نوجوانی سے باقاعدہ ورزش کا عمر بھر تسلسل بیش قیمت فوائد رکھتا ہے۔

ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے ورزش کسی بھی عمر میں شروع کی جا سکتی ہے۔ ادھیڑ عمری میں بھی ورزش ہڈیوں کو کمزور ہونے سے بچاتی ہے یا اس کی رفتار کم کر دیتی ہے۔حد تو یہ کہ چہل قدمی اور سیڑھیاں چڑھنے کا عمل بھی ہڈیوں کو مضبوط تر بناتا ہے۔روزانہ تیس منٹ ورزش بھی کافی ہوتی ہے، حتیٰ کہ یہ دس، دس منٹ کے مختلف دورانیوں پر مشتمل ہو۔سگریٹ نوشی ہڈیوں کو پہنچنے والے نقصان کو بڑھاتی ہے کیونکہ اس سے کیلشیم کے جسم میں جذب ہونے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔

اس بات کے ثبوت موجود ہیں کہ دن میں چار یا زیادہ کپ کافی پینے سے ہڈیوں کے ٹوٹنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے کیونکہ کیفین کی جسم میں موجودگی سے پیشاب کے ذریعے کیلشیم کا اخراج بڑھ جاتا ہے۔اوسٹیو پروسس سے بچاؤ پر کتاب لکھنے والے مورس نوٹر یوٹز کا کہنا ہے کہ غذا میں سوڈیم کی مقدار جس قدر زیادہ ہوگی جسم سے سوڈیم کا اخراج بھی اسی قدر ہوگا، جسم سے جس قدر زیادہ سوڈیم خارج ہوگا کیلشیم بھی اسی قدر زیادہ خارج ہوگا۔زیادہ مقدار میں حیوانی پروٹین کھانے سے ہڈیوں سے کیلشیم خارج ہو سکتا ہے۔کولا مشروب میں شامل فاسفورس نہ صرف کیلشیم کی موجودہ مقدار پر اثر انداز ہوتا ہے بلکہ اس کے جسم میں جذب ہونے کو روکتا ہے۔

جانوروں پر تحقیق کے مطابق فاسفورس کی زیادتی ہڈیوں کی خرابی میں کردار رکھتی ہے۔انڈیانا یونیورسٹی آف میڈیسن (انڈیانا پولس) کے جونیئر پروفیسر کونرڈ جوہنسٹن کا کہنا ہے کہ سافٹ ڈرنکس کے حوالے سے پریشان کن مسئلہ یہ ہے کہ لوگ سارا دن یہ پیتے رہتے ہیں مگر وہ دودھ پینا پسند نہیں کرتے، لہٰذا وہ ضرورت کے مطابق کیلشیم حاصل نہیں کر پاتے۔

بیٹھنے کی ہدایت

☆ گھر پر ہوں یا کام پر، سیدھی کرسی بیٹھئے، اس کی پشت سیدھی ہو۔

☆ اس طرح بیٹھیں کہ آپ کے گھٹنے آپ کے کولہوں سے کچھ اوپر ہوں۔ ایسا کرنے کے لئے آپ کو چھوٹے پائیدان کی ضرورت ہوگی۔

☆ گھومنے والی اور پہیوں والی کرسیوں پر بیٹھنے سے اجتناب کریں۔

☆ دبیز گدے والی کرسیوں یا صوفوں پر مت بیٹھیں۔

☆ طویل وقفوں تک ایک ہی طرح کبھی نہ بیٹھیں اُٹھ کر چہل قدمی کر لیا کریں۔

ڈرائیونگ کے لئے ہدایات

☆ اپنی کار کی اگلی نشست کو آگے کھسکا لیں تاکہ آپ کے گھٹنے آپ کے کولہوں سے اوپر ہو جائیں۔اس طرح کمر اور کاندھے کے پٹھوں پر دباؤ پڑنا کم ہو جائے گا۔

☆ ہمیشہ حفاظتی کار سیٹ بیلٹ باندھیں۔

☆ ہیڈ ریسٹ بھی مددگار ثابت ہو سکتا ہے

☆ چند لمحات سے زیادہ ایک ہی طرح سے نہ کھڑے ہوں، کبھی دوسرے پاؤں پر اپنا وزن منتقل کریں۔

☆ جب کھڑے ہوئے ہوں تو پیچھے کی طرف جھک کر اپنے جسم کو اپنے ہاتھوں سے سہارا دیں، پھر بعد میں اپنے ہاتھ اپنے جسم کے سامنے رکھیں اور تھوڑا سا آگے جھکیں۔

☆ جب آپ کھڑے ہونے اور چلنے کے لئے سمت موڑنا چاہیں تو پہلے پیروں کو حرکت دیں اور بعد میں جسم کو..... جیسا کہ فوج میں لیفٹ اور رائٹ کی صورت میں کیا جاتا ہے۔اسی طرح مڑا کریں۔

☆ فٹ پاتھ پر قدم رکھنے اور اترنے سے پہلے اس کی اونچائی کا دھیان سے جائزہ لیں۔

☆ دروازے پوری طرح کھولیں تاکہ آپ بہ سہولت گزر کر جاسکیں۔
☆ خواتین اونچی ایڑی کی جوتیاں استعمال نہ کریں۔

آرام کے لئے ہدایت

☆ اگر آپ کا معالج مکمل طور پر بستر میں آرام تجویز کرتا ہے تو بستر میں ہی رہیں، جسم کو اوپر اُٹھانے، موڑنے یا کروٹ لینے سے آپ کی کمر پر شدید دباؤ پڑسکتا ہے۔
☆ جب آپ سونا چاہیں تو کروٹ سے لیٹیں اور اپنا ایک یا دونوں گھٹنوں اوپر کو اپنی ٹھوڑی کی جانب کھسکالیں۔
☆ جب بستر میں لیٹے ہوں تو اپنے بازو اپنے سر سے اوپر نہ پھیلائیں بلکہ انہیں اپنے جسم کے برابر میں رکھ کر آرام کریں۔
☆ پیٹ کے بل نہ سوئیں
☆ سپاٹ اور سخت گدے پر سوئیں۔

اشیاء اُٹھانے کا طریقہ

☆ جب کوئی شئے اُٹھا رہے ہوں تو کمر کے بجائے ٹانگوں کو موڑ دیں۔ اگر آپ کاغذ کا ٹکڑا بھی فرش سے اُٹھا رہے ہوں تب بھی یہی طریقہ استعمال کریں۔
☆ جو شئے آپ اُٹھانا چاہیں اس کے بالکل سامنے اکڑوں بیٹھ جائیں اس طرح کہ وہ شئے آپ کے جسم کے قریب ہوجائے، پھر آہستہ آہستہ کھڑے ہوجائیں۔
☆ ٹانگیں سیدھی رکھ کر کبھی کوئی شئے نہ اٹھائیں۔
☆ آگے کی جانب براہ راست جھکتے ہوئے کوئی شئے نہ اٹھائیں۔
☆ کار کی ڈگی سے بھاری اشیاء نہ اٹھائیں۔
☆ کھڑکیاں کھولنے اور بند کرنے کے لئے (اگر کھڑکی والی دیوار کے ساتھ فرنیچر رکھا ہے) فرنیچر کے اوپر سے جھک کر نہ کھڑکی کھولیں نہ بند کریں۔
☆ جب دو یا دو سے زیادہ افراد کوئی شئے اٹھانا چاہیں تو انہیں پہلے ہی طے کرلینا چاہئے کہ ہر ایک کو کیا کرنا ہے، تاکہ ان میں سے کسی کو اچانک غیر متوقع بوجھ نہ سنبھالنا پڑجائے۔

روزمرہ کے کام کرنے کی ہدایت

☆ روزمرہ کام کرنے سے پہلے جسمانی تیاری (وارم اَپ) کرنا نہ بھولیں۔
☆ جسمانی تیاری (وارم اَپ) کرنے کے لئے جو اَوزار آپ استعمال کرنا چاہیں (ایک کدال، کلہاڑی، پھاڑہ وغیرہ) اسے اپنے سر اور کاندھوں کے چاروں طرف مختلف سمتوں میں آہستہ آہستہ گھمائیں اور ایسا کرتے ہوئے بتدریج اُس حرکت اور قوت کو پوری طرح کام میں لے آئیں جو کہ اصل کام کرنے کے لئے ضروری ہو۔

متفرق ہدایات

☆ جب آپ کو پسینہ آرہا ہوں تو ایئر کنڈیشنڈ بلڈنگ میں نہ جائیں۔
☆ جب آپ کی کمر میں درد ہو تو ویکیوم کلینر نہ چلائیں، نہ ہی بستر بچھائیں۔
☆ درد کرتی ہوئی کمر کے لئے ایک طویل ہاٹ باتھ (گرم پانی میں لیٹے رہنا) تکلیف میں کمی کا باعث ہوسکتا ہے۔ خیال رکھیں کہ پانی قابل برداشت حد تک گرم ہو، بہت گرم نہ ہو۔
☆ آپ کا معالج زیریں کمر اور سینے کے پٹھوں کو مضبوط بنانے کے لئے کچھ سادہ ورزشیں تجویز کرسکتا ہے، ہمیشہ اس کی ہدایت پر عمل کریں۔
☆ وزن کم کریں اور ہفتے میں ایک مقررہ دن اپنا وزن جانچیں۔

خوراک کے لئے ہدایت

☆ یہ اشیائے کھائیں: گوشت، مچھلی، مرغی اور جو سبزیاں اوپر کی جانب اُگتی ہیں۔ پھلوں میں: خوبانی، امرود اور سیب موزوں ہیں۔
یہ اشیاء کھانے سے اجتناب کریں:
☆ گھی، تیل، مکھن، شکر، مٹھائی، پائے، ڈبل روٹی وغیرہ۔ آم، کیلا اور تمام ایسی سبزیاں جو زمین کے نیچے اُگتی ہوں، مثلاً، آلو، چقندر، گاجر، شلجم وغیرہ وغیرہ۔ ایک گھنٹہ روزانہ چہل قدمی کریں۔ 20 منٹ روزانہ ورزش کریں۔
آپ بہت سادہ اور سہل ورزشوں کے ذریعے اپنی کمر کو مضبوط بنا سکتے ہیں اور کمر درد سے نجات پاسکتے ہیں۔ یہ ورزشیں آپ صبح نیند سے بیدار ہونے کے بعد صرف چند منٹ میں مکمل کرسکتے ہیں۔

خصوصی ورزشیں

☆ فرش پر سیدھا لیٹ کر ہاتھ سر کے نیچے رکھ لیں اور گھٹنے اکٹھے کرکے پاؤں فرش پر جمائیں۔ اب لمبا سانس لے کر روک لیں اور سر اور چھاتی اٹھا کر بیٹھنے کی کوشش کریں۔ پانچ سیکنڈ کے لئے اور پھر لیٹ جائیں۔ پانچ مرتبہ ایسا کریں۔
☆ کمر پر پہلے کی طرح سیدھے لیٹے رہیں اور گھٹنوں کو اکٹھا کرلیں۔ اب دونوں گھٹنوں کو پکڑ کر چھاتی کے ساتھ لگائیں اور جتنا ہوسکے دبائیں اور پھر چھوڑ دیں۔ اس طرح پانچ مرتبہ کریں۔
☆ کمر کے بل سیدھے لیٹے رہیں اور گھٹنا سیدھا رکھتے ہوئے پہلے ایک ٹانگ اور پھر دوسری ٹانگ کو باری باری اوپر اٹھائیں اور پھر دونوں ٹانگیں اکٹھی اوپر اٹھائیں۔ ہر ورزش پانچ مرتبہ کریں۔
☆ فرش پر منہ کے بل لیٹے رہیں۔ اب باری باری ایک ٹانگ گھٹنا سیدھا رکھتے ہوئے اوپر اٹھائیں، اس کے بعد دونوں ٹانگیں سیدھی رکھتے ہوئے اوپر اٹھانے کی کوشش کریں۔ ہر ورزش پانچ مرتبہ کریں۔

زیتون Olive پھلوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

زیتون کو انگریزی Olive ہسپانوی میں Olivo اطالوی میں Uliva عربی۔فارسی، ہندی اور اردو پنجابی میں بھی زیتون کہتے ہیں۔قرآن مجید میں اسے الزیتون کا نام دیا گیا ہے۔قرآن مجید کی سات مختلف آیات میں زیتون کا ذکر آیا ہے۔سورۃ الانعام کی آیت نمبر 99 میں فرمایا گیا۔

ومن النخل من طلعها قنوان دانية وجنت من اعناب والزيتون والرمان مشتبها و غير مشتابه۔

ترجمہ:۔اور ہم نے باغ انگور، زیتون اور انار کے پیدا کئے باہم مشابہ اور غیر مشابہ۔ سورۃ النحل آیت 11 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

ينبت لكم به الزرع و الزيتون النخيل والاعناب و من كل الثمرت ان في ذلك لاية لقوم يتفكرون۔

ترجمہ:۔اور اسی سے تمہارے لئے کھیتی اُگاتے ہیں نیز زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل بیشک اس میں بڑی نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو سوچتے رہتے ہیں۔

زیتون کی طرف اشارہ کرتے ہوئے سورۃ المومنون کی آیت نمبر 20 فرمایا گیا کہ **وشجره تخرج من طور سيناء تنبت بالدهن و صبغ للاكلين۔**

ترجمہ:۔اور ایک درخت بھی پیدا کیا جو طور سینا میں پیدا ہوتا ہے وہ اگتا ہے تیل لئے ہوئے اور کھانے والوں کے لئے سالن لئے ہوئے۔

سورۃ النور کی آیت نمبر 35 میں اللہ پاک فرمایا ہے کہ:

الله نور السموت والارض مثل نورة كمشكوه فيها مصباح المصباح في زجاجة الزجاجة كانها كوكب ذرى يوقد من شجره مبركة زيتونة لا شرقية ولا غربية۔

ترجمہ:۔اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے (کائنات میں) اس کے نور کی مثال ایسی ہے جیسے ایک طاق میں چراغ رکھا ہوا ہو۔ چراغ ایک فانوس میں ہو۔فانوس کا حال یہ ہے کہ جیسے موتی کی طرح چمکتا ہوا تارا اور وہ چراغ زیتون کے ایسے مبارک درخت کے تیل سے روشن کیا جاتا ہے جو نہ مشرقی ہو نہ مغربی۔

سورۃ التین کی آیت نمبر 1-4 میں ارشاد ہوا ہے کہ:

والتين والزيتون وطور سينين وهذا البلد الامين لقد خلقنا الانسان في احسن تقويم۔

ترجمہ:۔قسم ہے انجیر اور زیتون کی اور طور سینا کی اور اس امن والے شہر کی کہ ہم نے انسان کو بہترین انداز کے ساتھ پیدا کیا۔

سورۃ عبس کی آیت نمبر 29-30 میں رب کریم فرماتے ہیں کہ:

وزيتونا ونخلا و حدائق غلبا

ترجمہ:۔اور زیتون اور کھجور اور گنجان باغ۔

زیتون کا درخت تقریباً 25 فٹ اونچا ہوتا ہے۔اس کی قلم لگائی جاتی ہے۔بغیر قلم لگائے ہوئے پودے اچھا پھل نہیں دیتے۔زیتون کا کچا پھل چٹنی اور اچار بنانے کے کام آتا ہے۔جبکہ پکے ہوئے پھل نہایت شیریں اور لذیذ ہوتے ہیں۔پھل بیضوری شکل کے 2 سے 3 سینٹی میٹر لمبے ہوتے ہیں۔اس کے گودے میں 15 سے 40 فیصد تک تیل پایا جاتا ہے۔جو اپنی خصوصیات اور صاف شفاف ہونے میں بے مثال مانا جاتا ہے۔زیتون کا تیل گودے کو کھلی نچوڑ کر نکالا جاتا ہے۔تیل کا اصل جزو Oleic Acid ہے جو اس میں 80 فیصد کے قریب ہوتا ہے۔زیتون کا تیل جمنے والا نہیں ہوتا۔اسکی زبردست غذائی خصوصیت کے ساتھ ساتھ بے پناہ طبی اہمیت تسلیم کی جاتی ہے۔زیتون کے تیل کے پکائے بغیر سالن کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔عربوں میں پرانا دستور تھا کہ وہ طویل سفر اور جنگوں کے دوران روٹی کو بھگو کر شہد اور زیتون کا تیل لگا کر کھایا کرتے تھے۔ایسا کرنے سے جہاں کھانا پکانے کی زحمت نہ اٹھانا پڑتی تھی وہاں ان کا وقت بھی بچ جاتا تھا۔

غذائی قوت اور طبی استعمال:۔طویل عرصہ تک زیتون کا تیل بطور غذا کھاتے رہنے سے معدے کی تیزابیت دور ہو جاتی ہے۔یہ تیل السر کو ختم کر دیتا ہے۔جلدی بیماریوں خصوصاً داد میں بہت مفید رہتا ہے۔کئی اقسام کے مرہم، پلاسٹر اور عمدہ قسم کے صابن بنانے کی صنعت میں زیتون کا تیل بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔دل کے وہ امراض جن میں چربی کو نقصان دہ خیال کیا جاتا ہے۔وہاں زیتون کا تیل مفید رہتا ہے۔

شاہین نیوز ایجنسی، نمک میانی تحصیل بھیرہ 0344-748351 ادارہ روحانیات

زیتون کی بابت حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے:
زیتون کا تیل کھانے میں بھی استعمال کرو اور مالش میں بھی اس لئے کہ یہ با برکت درخت کا تیل ہے۔
زیتون کے تیل کے چراغ روشنی کے لئے زمانہ قدیم میں بہت مشہور اور اہم رہے ہیں عمدہ قسم کا تیل نہایت صاف ہوتا ہے۔ اگر تیل کو کسی صاف برتن یا شیشے کے گلاس میں رکھ دیا جائے تو ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی روشن شے پڑی ہوئی ہے۔ اگر اس سے چراغ جلایا جائے تو یوں لگتا ہے جیسے نور سے نور کل رہا ہے۔
قرآن پاک کی سورۃ النور کی آیت نمبر 25 اس حقیقت کی منظر کشی کی گئی ہے۔ روغن زیتون سے روشن قندیل کی روشنی کو نور علی نور کہا گیا ہے۔
زیتون کا اصل وطن فلسطین اور شام کا وہ علاقہ ہے جو فینشیا (Phoenica) کہلاتا ہے۔ اسی علاقہ میں اس کی کاشت دو ہزار سال قبل مسیح شروع کی گئی اور یہیں سے یہ ایران، افغانستان اور جنوبی یورپ کے ملکوں میں گیا۔ یورپ میں اتنا کامیاب اور عام ہو گیا کہ لوگ اسے وہاں کا پودا کہنے لگے۔ قبل مسیح کے یونانی مفکروں اور حکماء نے اسے یورپی پودا ہی سمجھ لیا تھا۔
مغربی ممالک میں امن و شانتی کے نشان کے طور پر فاختہ کو اس طرح پرواز کرتے دکھایا جاتا ہے کہ اس کے منہ میں زیتون کی پتی ہوتی ہے۔ اس منظر کشی کی بنیاد وہ روایت ہے جس کی وجہ سے خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت نوحؑ کے زمانہ میں عذاب الٰہی ایک طوفانی سیلاب کی شکل میں ظاہر ہوا اور زبردست بربادی کے بعد جب طوفان تھمنے لگا تو خوشی اور امن کا پیغام ایک فاختہ پرواز کرتے ہوئے لائی جس کے منہ میں زیتون کی پتی تھی۔
زیتون کے باغات جنوبی یورپ، شمالی افریقہ اور عرب کے کئی ممالک میں ملتے ہیں۔ لیکن اٹلی اور اسپین زیتون کے پھل اور تیل پیدا کرنے والے ملکوں میں سرفہرست ہیں۔ اس وقت دنیا بھر میں تیل کی پیداوار تین ملین میٹرک ٹن سے بھی زیادہ بتائی جاتی ہے۔

سدرہ یا بیری (Cedar)

سدرہ یا بیری کو انگریزی میں Ceder ہسپانوری میں Cedros یونانی میں Kedros جرمن میں Zeder عربی میں راز لبنان فارسی میں سروآزاد اور اردو پنجابی ہندی میں بیری کہتے ہیں۔ سدرہ یا بیری کا ذکر قرآن مجید میں چار مرتبہ آیا یعنی سورۃ سبا میں ایک بار سورۃ النجم میں دو بار اور سورۃ واقعہ میں ایک بار جبکہ سورۃ سبا میں بیان کردہ واقعہ کا تعلق اس سرزمین سے ہے اور دو کا حوالہ آسمانوں کی سرحد سے متعلق ہے اور ایک کا ذکر جنت کے نباتات کے بیان میں آیا ہے۔ قرآن پاک کی سورۃ النجم کی آیت نمبر 13 تا 18 میں ارشاد ربانی ہے کہ:

ولقد راہ نزلہ اخری عند سدرۃ المنتھی عند ھا جنۃ الماوی اذیغشی السدرۃ مایغشی ما اغ البصر وما طغی لقد رای من ایت ربہ الکبری۔

ترجمہ:۔ اب کیا تم اس چیز پر اس سے جھگڑتے ہو جسے وہ آنکھوں سے دیکھتا ہے اور ایک مرتبہ پھر اس نے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اس کو اترتے دیکھا جہاں پاس ہی جنت الماوی ہے۔ اس وقت سدرہ پر چھا رہا تھا اور جو کچھ کہ چھا رہا تھا نہ چندھیائی نہ حد سے متجاوز ہوئی اور اس نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔

سورۃ سبا کی آیت نمبر 16 میں رب کریم رؤف الرحیم نے فرمایا کہ:

فاعر ضواسلنا علیھم سیل العزم وبد لنھم بجنتیھم جنتین ذواتی اکل خمط واثل وشیء من سد ر قلیل۔

ترجمہ:۔ آخر ہم نے ان پر تو بند توڑ کر سیلاب بھیج دیا اور ان کے پچھلے دو باغوں کی جگہ دو اور باغ انہیں دیئے جن میں کڑوے کسیلے پھل (خمط) اور جھاؤ (اثل) کے درخت تھے اور کچھ تھوڑی سی بیریاں (سدر)۔

سورۃ الواقعہ کی آیت 27 تا 33 میں ارشاد فرمایا گیا کہ:

واصحب الیمین مآ اصحب الیمین فی سدر مخضود وطلع منضود وظل ممدود وماء مسکوب وفاکھۃ کثیرۃ لا مقطوعۃ ولا ممنوعۃ۔

ترجمہ:۔ اور دائیں بازو والے، دائیں بازو والوں کی (خوش نصیبی) کا کیا کہنا وہ بے خار بیریوں (سدر) اور تہ بہ تہ چڑھتے ہوئے کیلوں اور دور تک پھیلی ہوئی چھاؤں اور ہر دم رواں دواں پانی اور کبھی نہ ختم ہونے والے اور بے روک ٹوک ملنے والے بکثرت پھلوں اور اونچی نشست گاہوں میں ہوں گے۔

قرآن پاک میں چار مختلف آیات میں سدر کا نام لیا گیا ہے مگر ان میں سورۃ سبا کے حوالہ کا تعلق ہمارے زمین سے ہے۔ باقی دو حوالے آسمانوں کی سرحد سے متعلق ہیں جبکہ چوتھے کا ذکر جنت کے نباتات کے بیان میں آیا ہے۔
مولانا شبیر احمد عثمانی نے سورۃ النجم کی تفسیر بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ سدرۃ المنتہیٰ کے بیری کے درخت کو دنیا کی بیریوں پر قیاس نہ کیا جائے۔ اللہ ہی جانتا ہے کہ وہ کس طرح کی بیری ہوگی۔
مولانا عبدالماجد دریابادی لکھتے ہیں کہ سدرۃ المنتہیٰ اس عالم اور اس عالم کے

درمیان ایک نقطہ اتصال ہے۔ جہاں سے ملائکہ عالم بالا کے احکام زمین پر لاتے ہیں اور یہاں کے اعمال مسعود وہاں تک پہنچاتے ہیں۔ مولانا کے خیال میں آسمانوں کے اوپر درخت اور بیری کے درخت کو تسلیم کرنے میں کوئی دشواری نہ ہونی چاہئے۔ کیونکہ دنیا کے نباتات سمیت نہ جانے کتنی چیزوں کا جنت میں ہونا مسلم ہے۔ البتہ جنت اور آسمان کی ہر نعمت دنیا کی نعمتوں سے مشابہ تو ہوگی لیکن پھر بھی بہت کچھ مختلف ہوگی۔ مولانا حقانی لکھتے ہیں کہ جس طرح حضرت موسیٰؑ کے لئے ایک درخت پر تجلی ہوتی تھی اسی طرح آنحضرت ﷺ کو جنت الماوی میں اس درخت (سدر) کی صورت میں تجلی ہوئی جو رتمام ارواح کی جڑ ہے۔ لغات القرآن میں سدرہ المنتہیٰ کو انسانی فہم و ادارک کی آخری سرحد پر ایک درخت کہا ہے۔ جہاں آنحضرت ﷺ کو فیوض ربانی اور انعمائے صمدانی سے مخصوص فرمایا گیا۔

مولانا مودودی سورۃ النجم کی تفسیر بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ:

سدرۃ المنتہیٰ وہ مقام ہے جہاں حضرت جبرائیل علیہ السلام کی آنحضرت ﷺ سے دوسری ملاقات ہوئی۔ ہمارے لئے یہ جاننا مشکل ہے کہ اس عالم مادی کی آخری سرحد پر وہ بیری کا درخت کیسا ہے اور اس کی حقیقی نوعیت و کیفیت کیا ہے۔ بہرحال وہ کوئی ایسی چیز ہے جس کے لئے انسانی زبان میں سدرہ یا زیادہ موزوں لفظ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور کوئی نہ تھا۔ احادیث میں بھی سدر کا تذکرہ ملتا ہے۔ ابوداؤد میں کتاب الادب کے تحت، باب فی قطع السد میں ایک حدیث بیان کی گئی ہے۔ جس میں تحریر ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سدرہ کا درخت کاٹے گا اللہ اس کے سر کو اوندھا کر کے جہنم میں گرادے گا۔

اسی طرح ایک اور حدیث میں سدرہ کی لکڑی کے دروازے اور چوکھٹوں کا بنانا ایک ایسی بدعت کہا گیا ہے جس کو لوگ عراق سے لائے تھے۔ اب بدعت کے ضمن میں جناب ہشام بن عروہ نے فرمایا کہ میں نے سنا کہ مکہ میں کوئی کہتا تھا کہ لعنت کی رسول اللہ ﷺ نے سدرہ کا درخت کاٹنے والوں پر۔

عرب میں بیری کی تین تین عام طور پر پائی جاتی ہے۔ ایک تو وہ بیری کا درخت جو ہندوستان میں پایا جاتا ہے۔ دوسرا وہ بیری جو عرب کے ریگستانی علاقہ میں نسبتاً خوبصورت پودا سمجھا جاتا ہے۔ گویہ ایک چھوٹا درخت ہوتا ہے۔ تیسری قسم وہ ہے جس کی بابت روایت ہے کہ اس کا کانٹوں کا تاج حضرت عیسیٰؑ کے سر پر رکھا گیا تھا۔ بیری کی یہ تینوں قسمیں خاردار ہوتی ہیں اور کھانے والے پھل کا ذریعہ ہیں گو اس کے پھل کا مقابلہ خصوصیات اور مزہ کے اعتبار سے ان پھلوں سے نہیں کیا جاسکتا جن کا ذکر قرآن کریم میں اللہ کی جانب سے دی گئی نعمتوں کے طور پر ہوا ہے جیسے کھجور، انار، انگور، زیتون اور انجیر وغیرہ۔

بیری کے درخت کی لکڑی ایندھن کے کام تو آتی ہے لیکن عمارت یا فرنیچر بنانے کے لئے موزوں نہیں سمجھی جاتی ہے۔ اوپر ذکر کی گئی تینوں اقسام کی بیری کے پھل خوش ذائقہ تو ہوتے ہیں لیکن ان کا شمار بہترین پھلوں میں نہیں کیا جاتا ہے۔ اسی لئے تجارتی طور پر بیری کے باغات بہت کم کم ہی ملتے ہیں۔ البتہ ان درختوں کو کانٹوں کی باڑھ کے طور پر تو لگایا جاسکتا ہے لیکن کسی علاقہ کو خوش منظر بنانے کے لئے اس کا لگایا جانا مناسب نہیں سمجھا جاتا ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ سدر اگر بیری تو پھر کون سا درخت ہے ہوسکتا ہے کہ سدرہ کا اشارہ شام و لبنان کے اس درخت کی طرف ہو جس کو عربی میں ارز الرب، ازر البنان یا شجرۃ اللہ کہتے ہیں اور زمانہ قدیم میں سدرہ کے ہم وزن ناموں سے روم اور یونان میں جانا جاتا تھا۔ یعنی سدراس، سدرس، کدارس وغیرہ۔

لبنان کا یہ درخت اپنے جاہ و جلال، قد و قامت نیز خوبصورتی اور خوشبودار لکڑی کی بنا پر عرب ہی میں نہیں بلکہ ساری دنیا میں حسین ترین درخت سمجھا جاتا تھا۔ اس کا ذکر حضرت سلیمانؑ حضرت موسیٰؑ حضرت عیسیٰؑ اور دوسرے پیغمبروں نے اپنے ارشادات میں بڑے ادب کے ساتھ کیا ہے اور اس کی عظمت بیان فرمائی ہے۔

سدرہ کی لکڑی میں اتنی چمک اور خوشبو ہوتی ہے کہ اس سے بنائی گئی عبادت گائیں نہایت معطر اور صاف ستھری رہتی تھیں اور تقریباً چار سو سال تک ان پر موسم کا کوئی اثر نہ ہوتا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ فرعونی دور میں البنان اور شام کے سدر کے جنگلات سے اتنی زیادہ لکڑی کاٹ کر مصر لے جائے گی کہ حضرت عیسیٰؑ کے دور سے قبل ہی وہاں اس کی کمیابی محسوس کی جانے لگی لہذا سدرہ کے درختوں کو کاٹنا ایک نامناسب عمل تصور کیا جانے لگا۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ (ادارہ)

حمل ♈

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف ۔ا،ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) وہ افراد جو اپنے گھریلو حالات درست کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بھی یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت خاندان کے تمام افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے لئے سازگار ہے ورنہ اختلافات کھل کر سامنے آجائیں گے۔ اس ہفتہ شراکتی معاملات موافق رہیں گے وہ افراد جن کی 6 کی وقت منگنی یا شادی ہوگی انہیں خوشی اور مالی فائدہ ملے گا جبکہ شادی شدہ افراد کو بھی خوش بختی حاصل ہوگی۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کسی اہم معاملے کے متعلق آپ کا ارادہ اور سوچ تبدیل ہوجائے گی شاید آپ کو اس کے ارادوں کے مخلص نہ ہونے کا پتہ چل جائے گا اہم امور کی انجام دہی کر سکیں گے کاروباری پوزیشن مستحکم رہے گی ماحول سے فائدہ حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ کاروباری اور قانونی معاملات آپ کی مشکلات میں اضافہ کریں گے اختلافات میں پڑنے سے گریز کریں شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔ شادی شدہ افراد کیلئے یہ ہفتہ خاص احتیاط طلب ہوگا۔

(17 تا 25) اس ماہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ برج میزان میں 22 اکتوبر داخل ہوگا جہاں پر اس سیارہ کا قیام 09 دسمبر تک رہیگا۔ اس برج میں مریخ کو وبال ہوتا ہے جب تک یہ سیارہ اس برج میں رہیگا ان ایام میں آپ کو شریک حیات سے متعلقہ تمام امور پر بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ محبوب یا شریک حیات سے تعلقات خراب بھی ہو سکتے ہیں۔ بات بات پر غصہ میں آجانا بنے ہوئے کام کو بھی بگاڑ دیتا ہے۔ ان ایام میں جائیداد کی فروخت نہ کریں۔

(26 تا 31) تقریبات اور پنچایتی فیصلوں میں شرکت کے مواقع ملیں گے دوسروں سے وابستہ خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی کاروبار میں منافع حاصل ہوگا۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا دوران سفر صحت کی طرف سے لاپرواہی پریشانی کا سبب بن سکتی ہے۔ خواتین اپنے گھر کی ملازمہ پر بے جا اعتماد سے بھی حتی الامکان گریز کریں۔ یہ بھی یاد رکھیں کہ 09 دسمبر سے آپکے برج کا حاکم قطب جنوبی میں داخل ہو چکا ہے۔

برج ثور ♉

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف ۔ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) یہ ہفتہ ان افراد کیلئے موافق ثابت ہوگا جو شادی کرنا چاہتے ہیں۔ محبت کے معاملات کیلئے اختتام تک کا وقت موافق ثابت ہوگا۔ شادی، خاندانی معاملات کیلئے خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوگا سفر اور خط و کتابت ہفتہ اسفر کے ذریعے نئے افراد زندگی میں داخل ہونگے۔ شریک کار یا شریک زندگی کے ساتھ تعلقات کے سلسلے میں اگرچہ جوش تو ہوگا مگر غیر یقینی صورت حال رہے گی۔ اپنے برج کا صدقہ لازمی دیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں بہت نحس اہم نظر زہرہ ترتیج زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 09 تا 10 اکتوبر تک رہیں گے اس نظر کے تحت کسی قریبی عزیز کا صدمہ برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ بھائیوں سے علیحدگی ہو سکتی ہے۔ شریک حیات سے جدائی ہونے کا خطرہ ہے۔ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ 11,12 اکتوبر کو نحس درجہ ہبوط سے گزر رہا ہے۔ یہ ہفتہ آپ کیلئے انتہائی نحس ثابت ہو سکتا ہے۔ پریشانیوں سے بچنے کیلئے اپنے برج کے مطابق ان ایام میں اپنا صدقہ لازمی دینے کا اہتمام کریں۔ صدقہ سے متعلق تفصیلاً دیگر اہم معلومات مزمل روحانی جنتری 2017ء کے صفحہ نمبر 77 کا مطالعہ کریں۔ بزرگوں سے اپنے حق میں خصوصی دعا کروائیں۔

(17 تا 25)۔ اس ہفتہ خوش امیدی، وسعت اور خوش بختی آئیگی لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایک قسم کی بے چینی پیدا ہوگی۔ وہ افراد جو یہ محسوس کریں کہ زندگی یا شخصیت کے کسی پہلو کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے تو اب وقت آگیا ہے کہ اس سلسلے میں مثبت قدم اٹھائیں۔ نئی جگہیں دیکھنے، سفر اور تعلیم کے ذریعے معلومات میں اضافہ کرنا چاہیں گے۔ آپ میں وسعت نظر پیدا ہوگی۔ آئندہ کے بارے میں سوچنے اور ذہن کو وسعت دینے کا خیال پیدا ہوگا۔

(26 تا 31) اس ہفتہ ممکن ہے کہ ایک جگہ تعلقات ختم ہو کر دوسری جگہ قائم ہوں۔ یا یہ بھی ممکن ہے کہ اگر عرصہ سے تعلقات خراب چلے آرہے ہیں تو دوبارہ تعلقات استوار ہو جائیں گے۔ جو کہ اطمینان بخش اور مفید ثابت ہو گا۔ ہر معاملے کو سلجھانے کی صلاحیت خود اعتمادی اور ثابت قدمی پیدا ہوگی۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی ادارہ روحانیات

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد

حروف۔ ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24



جوزا

(یکم تا 8) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس مریخ قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 05 تا 08 دسمبر رہیں گے اس نظر کے تحت قریبی عزیز و اقارب سے تعلقات استوار ہونگے ایک نیا جذبہ اور جوش پیدا ہوسکتا ہے صحت کا خیال رکھیں۔ بخار یا نزلہ زکام کی امراض طوالت پکڑ سکتے ہیں۔ دیرینہ امراض سے نجات کیلئے اگر اس ہفتہ اقدامات کئے جائیں تو انشاءاللہ جلد صحت یابی کی اُمید ہے خاص طور سے معدہ اور جگر کے مریض فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر عطارد تسدیس زحل قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 10 تا 15 اکتوبر رہیں گے اس نظر کے تحت ان ایام میں تجارت میں فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔ کامیاب زندگی حاصل ہوگی اعلیٰ درجہ کی خواتین سے مالی فائدے ممکن ہیں۔ دشمنوں کی جانب سے خطرات ٹل سکتے ہیں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ بزرگوں کی دعاؤں کی برکت سے بگڑے ہوئے معاملات درست ہوسکتے ہیں روحانی امداد حاصل کریں۔ والدین کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا حاکم سیارہ شرف کے بعد دوسری سعد قوت اوج کے درجہ سے گزرے گا۔ سیارے کی یہ قوت آپ کو فائدہ دے سکتی ہے۔ جسمانی امراض سے نجات پانے کیلئے یہ وقت موثر ہے۔ عزیز و اقارب سے ناراضگی بھی ختم کرسکتے ہیں۔ کوئی خوشخبری ملنے کی امید بھی کی جاسکتی ہے۔ کسی پر حد سے زیادہ اعتبار نہ کریں اور اہم دستاویز کو پڑھے بغیر دستخط نہ کریں ان ایام میں ستارے آپ کے حق میں ہیں۔ کاروباری پوزیشن بہتری رہیگی۔

(26 تا 31) اس ہفتہ امکان ہے کہ اسے بہت اچھی ملازمت مل جائے گی یا آپ کی ملازمت میں ترقی ہو جائے یا آپ کی کوئی امید پوری ہو جائے گی۔ جائیداد کی خرید و فروخت فائدہ دے سکتی ہے۔ شیئرز اور قیمتی اشیاء کی خریداری نفع بخش ثابت ہوسکتی ہے۔ اس ہفتہ جو کوششیں کریں گے وہ کسی نہ کسی طرح بعد آپ کے کام آئیں گے اگر ترقی کا اچانک موقع ملا تو یہی کوششیں خاص طور پر مفید ثابت ہونگی۔ نزلہ زکام اور سر درد کی شکایت ہوسکتی ہے۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر

حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) اس ہفتہ گھریلو اور خاندانی مسائل حل کرسکیں گے۔ اس ہفتہ کے ابتدائی ایام میں لوگوں سے ملاقات طے کرنے میں احتیاط برتیں کسی افواہ پر یقین کرنے سے پہلے اچھی طرح چھان بین کرلیں۔ ان ایام میں سفر کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔ مہمانوں کی آمد و رفت جاری رہے گی۔ 5 اور 6 کو کوئی اچانک خوشخبری سن سکیں گے اس ہفتہ ملازمت، کاروبار اور صحت کے بارے میں اہم اور فائدہ مند اقدامات کرسکیں گے۔

